آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

MEMBER OF APNS & CPNE

جلد نمبر 35 | بروز ہفتہ 21 جنوری 2023ء بمطابق 27 جمادی الثانی 1444ھ | شمارہ نمبر 18

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30

اہل تشیع

فجر صبح	05:15
ظہرین	01:00
مغربین	7:00

وزیراعلیٰ بلوچستان سے جرمن سفیر کی ملاقات
سرمایہ کاری سمیت مختلف امور پر بات چیت

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں ریکوڈک منصوبہ اسکی بہترین مثال ہے جس اے ملک میں 8 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری آرہی ہیں اور 8 ہزار ملازمتیں ملیں گی

جرمنی کی حکومت بلوچستان میں ہنرمند افرادی قوت کی تیاری اور صحت سمیت دیگر شعبوں میں معاونت فراہم کریگی اور بلوچستان کے ساتھ تجارتی روابط کے فروغ کا بھی جائزہ لیا جائے گا' جرمن سفیر

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لیے محفوظ اور سازگار ماحول پیدا کیا گیا ہے' حکومت بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے سرمایہ کاروں کو ترغیبات اور سہولیات فراہم کررہی ہے، میر عبدالقدوس بزنجو

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے جرمنی کے سفیر مسٹر الفریڈ گریناس ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ(خ ن)وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے جرمنی کے سفیر مسٹر الفریڈ گریناس mr alfred grannas نے یہاں ملاقات کی ملاقات میں سرمایہ کاری کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بات چیت کی گئی وزیراعلیٰ کی جانب سے جرمن سفیر کو ریکوڈک منصوبے گوادر پورٹ اور بلوچستان میں مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقعوں سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ بلوچستان اپنے جغرافیائی محل وقوع طویل ساحلی پٹی توانائی کے متبادل ذرائع اور قیمتی معدنیات کا حامل منفرد خطہ ہے بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

تجارتی اور سرمایہ کاری کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کیلئے کوشاں ہیں، وزیراعظم

متحدہ عرب امارات کے تاجر پاکستان میں سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع سے استفادہ کریں' پاکستانی تارکین وطن کی بہبود کے حوالہ سے متحدہ عرب امارات کی حکومت اور اس کی قیادت کے اقدامات پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں

دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت کا حجم 22۔2021 کے دوران 25.40 فیصد اضافہ کے ساتھ 10 ارب 60 کروڑ ڈالر تھا تاہم دوطرفہ تجارت کی یہ سطح اب بھی دونوں ممالک کے تعلقات کی صحیح عکاس نہیں ہے

پاکستان 22 کروڑ سے زائد آبادی کی مارکیٹ ہے جہاں توانائی، انفراسٹرکچر، ای کامرس، زرعی صنعت اور آئی ٹی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کیلئے ان کے منتظر ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی)وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے متحدہ عرب امارات کے تاجروں پر زور دیا ہے کہ وہ پاکستان میں سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع سے بھرپور استفادہ کریں، پاکستان 22 کروڑ سے زائد آبادی کی مارکیٹ ہے جہاں توانائی، انفراسٹرکچر، ای کامرس، زرعی صنعت اور آئی ٹی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کیلئے ان کے منتظر ہیں۔ جمعہ کو خلیج ٹائمز کو دیئے گئے انٹرویو میں وزیراعظم نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت کا حجم 22۔2021 کے دوران 25.40 فیصد اضافہ کے ساتھ 10ارب 60 کروڑ ڈالر تھا تاہم دوطرفہ تجارت کی یہ سطح اب بھی دونوں ممالک کے تعلقات کی صحیح عکاس نہیں ہے، ہم اپنے موجودہ اقتصادی، تجارتی اور سرمایہ کاری کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کیلئے کوشاں ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں وزیراعظم نے کہا کہ ہم بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

موڈیز ریونیو پالیسیوں میں اصلاحات کی تجویز دی ہے، وزیر خزانہ

ہمیں ورثہ میں کمزور معیشت ملی، کمیشن کے ارکان کا خیر مقدم کیا اور ملک کی اقتصادی اور مالیاتی صورتحال پر روشنی ڈالی اسحٰق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرخزانہ اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ ہمیں ورثہ میں کمزور معیشت ملی، حکومت معیشت کو درست سمت میں گامزن کرنے اور معاشی استحکام اور ترقی کے حصول کے لیے مختلف شعبوں میں اصلاحات متعارف کرانے کے لیے پرعزم ہے۔ وفاقی وزیرخزانہ اور محصولات بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی آئی اے پی ایکسپو 2023 کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ملک میں مہنگائی، معاشی تباہی اور سیاسی عدم استحکام عمران پراجیکٹ کی وجہ سے ہے، مریم اورنگزیب

عمران خان 2018 میں ملک پہ مسلط ہونے والے الیکشن کی بات کرسکتے ہیں الیکشن نہیں لڑسکتے

سخت شرائط والا آئی ایم ایف کا پروگرام عمران پراجیکٹ کا عوام کو دیا تحفہ ہے، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں مہنگائی، معاشی تباہی اور سیاسی عدم استحکام عمران پراجیکٹ کی وجہ سے ہے، سخت شرائط والا آئی ایم ایف کا پروگرام عمران پراجیکٹ کا عوام کو دیا تحفہ ہے، عمران خان 2018 میں ملک پہ مسلط ہونے والے الیکشن کی بات کرسکتے ہیں الیکشن نہیں لڑسکتے۔ جمعہ کو جاری بیان میں وزیر اطلاعات نے کہا کہ اتحادی حکومت کی سب سے بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

ان حالات میں قرضوں کی ادائیگی موخر کرنے پر شکر گزار ہیں، سردار ایاز صادق

جولائی میں پاکستان میں آنیوالے سیلاب سے بڑی تعداد میں لوگ متاثر ہوئے اور معیشت کو نقصان پہنچا، وفاقی وزیر کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اقتصادی امور سردار ایاز صادق نے کہا کہ پاکستان کے روس سمیت دنیا کے تمام ملکوں سے اچھے تعلقات ہیں، مشترکہ حکومتی کمیشن کے اجلاس سے دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعلقات کے نئے دور کا آغاز ہوگا، جولائی میں پاکستان بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

عام انتخابات اکتوبر 2023 میں ہی ہوں گے، احسن اقبال

ملک اس وقت جن معاشی مشکلات سے گزر رہا ہے اور جن معاشی چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے، وفاقی وزیر

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ بائیو ٹیکنالوجی کے ذریعے دنیا میں روزانہ 8 کروڑ (80 ملین افراد) کو بھوکا سونے سے بچایا جاسکتا ہے اور چالیس ہزار انسانوں کو بھوک سے مرنے سے بچایا جاسکتا ہے، ڈاؤ یونیورسٹی کی مختلف لیبارٹریز بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

پنجگور کے علاقے سراوان میں بچہ کنویں میں گر کر جاں بحق

پنجگور (این این آئی) پنجگور کے علاقے سراوان میں بچہ کنویں میں گر کر جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق شاہ اللہ نامی بچے کے لاپتہ ہونے بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں بارش اور برفباری کا سلسلہ جاری رہا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں بارش اور برفباری کا سلسلہ جاری رہا، خوژک ٹاپ پر شدید برفباری کے بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

قلعہ سیف اللہ کے قریب مسافر کوچ اور ٹرک میں تصادم کے نتیجے میں ڈرائیور سمیت 2 افراد جاں بحق جبکہ 5 افراد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) قلعہ سیف اللہ کے قریب مسافر کوچ اور ٹرک میں تصادم کے نتیجے میں ڈرائیور سمیت 2 افراد جاں بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ کی جعفر ایکسپریس پر حملے کی مذمت، زخمیوں اور مسافروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے جعفر ایکسپریس کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے کے واقعہ بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات کا سلسلہ طویل ہوگیا گذشتہ سال 29 مئی کو صوبے کے 32 اضلاع میں کامیاب ہونے والے کونسلرز ابھی تک حلف بھی اٹھا نہیں سکے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات کا سلسلہ طویل ہوگیا گذشتہ سال 29 مئی کو صوبے کے 32 اضلاع میں کامیاب ہونے والے کونسلرز ابھی تک حلف بھی اٹھا نہیں سکے الیکشن کمیشن نے صوبے کے بلدیاتی اداروں کی مخصوص نشستوں پر برابر ووٹ حاصل کرنے امیدواروں کے دوبارہ انتخاب کیلئے تیاری شروع کردی۔ تفصیلات بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

کوہ مچھ کے علاقے پنیر میں دھماکے کا نشانہ بننے والی جعفر ایکسپریس کے قریب مسافر کھلے میدان میں کھڑے ہیں

کوئٹہ میں شدید سردی کے دوران گیس نا ہونے کی وجہ سے شہری سوختنی لکڑی کی قیمت میں بھی کئی گنا اضافہ ہوچکا ہے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں شدید سردی کے دوران گیس نا ہونے کی وجہ سے شہری سوختنی لکڑی کی قیمت میں بھی کئی گنا اضافہ ہوچکا ہے، عوام مہنگے داموں لکڑی خرید کر استعمال کرنے پر مجبور ہیں، شدید سردی میں گیس پریشر کی عدم دستیابی کے ستائے ہوئے لوگوں نے گھروں کو گرم رکھنے اور کھانا بنانے بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

عمران خان روز سیاسی عدم استحکام کا رونا روتے اور روز انتشار پھیلاتے ہیں، سینیٹر عرفان صدیقی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی سیاست اس کے قائد کی بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

کھیلوں کے فیسٹیول کا مقصد نوجوانوں اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کر نوجوان نسل کو کھیل کی جانب راغب کرنا ہے میر حمل کلمتی

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی میر حمل کلمتی نے کہا ہے کہ کھیلوں کے فیسٹیول کا مقصد نوجوانوں اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرنا اور بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

باجوہ ڈیٹا لیک کیس، تینوں ملزمان کا زیر دفعہ 164 کا بیان ریکارڈ کرنے کا الزام عائد

اسلام آباد (این این آئی) سابق آرمی چیف جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ کی فیملی کے ڈیٹا لیک کیس میں تینوں گرفتار ملزمان کی زیر دفعہ بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

اداروں کیخلاف بغاوت پر اکسانے کا کیس، شہباز گل پر فرد جرم کی کارروائی ایک بار پھر موخر

اسلام آباد (این این آئی) شہباز گل پر اداروں کیخلاف بغاوت پر اکسانے کے کیس میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

پشاور سے کوئٹہ آنیوالی جعفر ایکسپریس پر ٹریک پر ریموٹ کنٹرول بم سے حملہ، 15 زخمی

ٹرین کی 7 بوگیاں پٹڑی سے اتر جبکہ 5 الٹ گئیں، ٹرین کی بوگی نمبر 5، 6، 7، 8، 9، 10 اور 11 دھماکے سے متاثر ہوئیں۔ لیویز حکام کے مطابق دھماکے کے بعد جائے وقوعہ پر 5 سے 6 فٹ گہرا گڑھا پڑ گیا ہے

جعفر ایکسپریس کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا قابل مذمت ہے، بعض تخریبی عناصر صوبے کی پرامن صورتحال کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں جس کو ہر صورت میں ناکام بنایا جائے گا، قائم مقام گورنر میر جان محمد جمالی

کوئٹہ/کراچی (خ ن+این این آئی) مچھ میں پشاور سے کوئٹہ جانے والی جعفر ایکسپریس ٹرین پر ریموٹ کنٹرول بم سے حملہ 17 افراد زخمی، ٹرین کا انجن اور 7 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں، ٹریک کا 10 فٹ حصہ تباہ ٹرینوں کی آمد و رفت معطل ہوگئی۔ لیویز حکام کے مطابق جمعہ کو دوپہر ساڑھے 12 بجے بلوچستان کے ضلع بچھی کے علاقے مچھ میں پنیر کے مقام پر ریلوے ٹریک پر ریموٹ کنٹرول بم دھماکہ کیا گیا ہے جس کی زد میں کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر خان جمالی ایکسپریس ٹرین کی 7 بوگیاں اور انجن ٹریک سے اتر گئے جن میں سے پانچ بوگیاں الٹنے سے 17 مسافر زخمی، ساول خان، عبدالباری، احمد گل، ممتاز بی بی، بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

PTI والوں کے کالے کرتوت سب کے سامنے آرہے ہیں، وزیر داخلہ

کسی کی گرفتاری کا فیصلہ حکومت کا نہیں تحقیقاتی اداروں کا ہوگا، دہشتگردی کے خاتمے میں پولیس جرات مندانہ کردار ادا کررہی ہے

پنجاب میں الیکشن کا شیڈول جاری نہیں ہوا، خیبر میں تختہ بیگ میں پولیس چیک پوسٹ پر خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہیں، رانا ثناء اللہ

لندن (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے مخالفین پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والوں کے کالے کرتوت سب کے سامنے آرہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کے دوران عمران خان کی گرفتاری سے متعلق سوال پر رانا ثناء اللہ نے کہا کہ کسی کی گرفتاری کا فیصلہ حکومت کا نہیں تحقیقاتی اداروں کا ہوگا۔ رانا ثناء اللہ نے دعویٰ کیا کہ پنجاب کے الیکشن میں ن لیگ نہ صرف کامیاب ہوگی بلکہ اکثریت حاصل کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ابھی پنجاب میں الیکشن کا شیڈول جاری نہیں ہوا، ہوسکتا ہے انتخابات 3 ماہ میں نہ ہوں تاہم یہ واضح ہے کہ ن لیگ نواز شریف کی قیادت میں انتخابی مہم شروع کرے گی، ووٹ اور سپورٹ نواز شریف کی ہے اس لیے ان کی وطن واپسی ضروری ہے۔ دریں اثناء وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ خان نے خیبر میں تختہ بیگ میں پولیس چیک پوسٹ پر خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خاتمے میں پولیس جرات مندانہ کردار ادا کررہی ہے، صوبے بالخصوص خیبر پختونخوا محکمہ پولیس کو بہتر بنائیں، بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی والے استعفے منظور کرنے کیلئے روتے تھے، شازیہ مری

پی ٹی آئی والے عوام کے منتخب نمائندے ہوتے تو انہیں پارلیمنٹ کا احترام ہوتا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اور ترجمان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز شازیہ مری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والے استعفے منظور کرنے کیلئے روتے تھے۔ اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ اسپیکر قومی نے استعفے منظور کیے تب بھی پی ٹی آئی والے رو رہے ہیں، پارلیمنٹ کو مذاق سمجھنے والوں کو پارلیمنٹ نے اٹھا کر باہر پھینک دیا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی والے عوام کے منتخب نمائندے ہوتے تو انہیں پارلیمنٹ کا احترام ہوتا۔ شازیہ مری نے کہا کہ عمران نیازی نے اپنے حلقوں کی عوام کو پارلیمنٹ میں نمائندگی سے محروم رکھا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ عمران احمد نیازی آئندہ انتخابات بیساکھیوں کے بغیر لڑیں گے تو انہیں بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

نیو ورلڈ آرڈر کی وجہ سے ترقی پذیر ممالک مشکلات کا شکار ہیں، وزیر خارجہ

پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی سمیت مختلف چیلنجز کا سامنا ہے، کوئی بھی ملک چیلنجز سے تنہا نہیں نمٹ سکتا

عمران خان کی حکومت تحریک طالبان پاکستان کے تئیں خوشامد کی پالیسی پر عمل پیرا تھی، بلاول بھٹو زرداری

ڈیووس (این این آئی) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ پاکستان کی نئی سیاسی اور فوجی قیادت ملک کے قوانین اور آئین کا احترام نہ کرنے والی دہشت گرد تنظیموں سے کوئی بات چیت نہیں کرے گی، سابق وزیراعظم عمران خان کی حکومت تحریک طالبان پاکستان کے تئیں خوشامد کی پالیسی پر عمل پیرا تھی، اگر ہم افغان عبوری حکومت کے ساتھ مل کر کام کرسکتے ہیں جس کا ان گروہوں پر اثر ہے، تو ہم اپنی سلامتی کو برقرار رکھنے میں کامیاب ہوجائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے "واشنگٹن پوسٹ" کے ساتھ ڈیووس سوئٹزرلینڈ میں ایک انٹرویو میں کیا جہاں وہ ورلڈ اکنامک فورم میں شرکت کررہے ہیں۔ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ نیو ورلڈ آرڈر کی وجہ سے ترقی پذیر ممالک مشکلات کا شکار ہیں، یوکرین معاملے پر اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل ہوتا ہے، افسوس ہے مغرب کیلئے کشمیر پر اقوام متحدہ کی قراردادیں محض کاغذ کی رہ جاتی ہیں۔ ورلڈ اکنامک فورم کے دوران سیکیورٹی اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے موضوع بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

اسٹیبلشمنٹ سے میرا 10 مہینوں سے کوئی رابطہ نہیں، شیخ رشید

سمجھتا ہوں رابطہ ہونا چاہیے، عمران خان گرفتار ہوئے تو تصویر الیکشن لڑے گی

پنجاب اور کے پی کے الیکشن پی ٹی آئی دو تہائی اکثریت سے جیتے گی، سابق وزیر

لندن (این این آئی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور سابق وزیر خارجہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ سے میرا 10 مہینوں سے کوئی رابطہ نہیں، میں سمجھتا ہوں رابطہ ہونا چاہیے، عمران خان گرفتار ہوئے تو ان کی تصویر الیکشن لڑے گی، پنجاب اور کے پی کے الیکشن پی ٹی آئی دو تہائی اکثریت سے جیتے گی۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے شیخ رشید نے کہا کہ مجھے عمران خان نے 10 ماہ پہلے کہا تھا کہ اسٹیبلشمنٹ سے رابطے میں نہیں رہنا، میں نے ان سے کہا میں عمران خان کے ساتھ کھڑا ہوں، پھر کسی نے بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کے ممبر محمد ہاشم غلزئی نے ژوب میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا

شیرانی (این این آئی) وزیر اعلیٰ معائنہ ٹیم کے ممبر محمد ہاشم غلزئی ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کیلئے ایک روزہ دورے پر ژوب اور شیرانی پہنچے اس موقع پر ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں کمشنر ژوب ڈویژن سعید احمد عمرانی ڈپٹی کمشنر شیرانی حضرت ولی کاکڑ ڈپٹی کمشنر ژوب رمضان پلال سمیت ضلعی آفیسران نے شرکت کی بعد ازاں ممبر ایم آئی ٹی بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار سے مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صدر جمال شاہ ملاقات کررہے ہیں

قلعہ عبداللہ میں برف میں پھنسے ہوئے مسافروں کو لیویز اہلکاروں نے ریسکیو کرکے محفوظ مقام پر منتقل کردیا

کوئٹہ (این این آئی) قلعہ عبداللہ میں برف میں پھنسے ہوئے مسافروں کو لیویز اہلکاروں نے ریسکیو کرکے محفوظ مقام پر منتقل کردیا۔ تفصیلات کے مطابق لیویز کو اطلاع ملی تھی کہ قلعہ عبداللہ کے علاقے میں شدید برف باری میں ایک گاڑی میں مسافر پھنسے ہوئے ہیں جس پر لیویز اہلکاروں نے فوری ریسکیو آپریشن کرتے ہوئے گاڑی میں پھنسے ہوئے بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

گلوبل وارمنگ پاکستان میں شدید گرمی، ہیٹ ویوز اور دیگر ماحولیاتی بحرانوں کا سبب بنتی رہے گی، شیری رحمان

دریائے سندھ ملک کی لائف لائن ہے، ہماری 80 فیصد زراعت دریائے سندھ سے جڑی ہوئی ہے، وفاقی وزیر کا خطاب

تمام شراکت داروں کو لیونگ انڈس منصوبے کے ذریعے دریائے سندھ کے تحفظ اور تعمیر نو میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، شیری رحمان

ڈیووس (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ گلوبل وارمنگ پاکستان میں شدید گرمی، ہیٹ ویوز اور دیگر ماحولیاتی بحرانوں کا سبب بنتی رہے گی۔ ورلڈ اکنامک فورم کے دوران شیری رحمان نے پاکستان پویلین میں شرکاء کو لیونگ انڈس منصوبے پر بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ گلوبل وارمنگ پاکستان میں شدید گرمی، ہیٹ ویوز اور دیگر ماحولیاتی بحرانوں کا سبب بنتی رہے گی۔ شیری رحمان نے کہا کہ ہم عالمی آلودگی کے اخراج میں 1 فیصد سے بھی کم حصہ دار ہیں، بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

لیویز فورس امن کی بحالی میں کلیدی کردار ادا کررہی ہے، ضیاء لانگو

لیویز نے ہر موقع پر اپنے فرائض کی بجا آوری کو یقینی بناتے ہوئے ڈلیور کرکے عوام کا اعتماد جیتا ہے

انسداد دہشت گردی اور جرائم سے نمٹنے کی جدید تربیت اور کورس کروائے گئے ہیں' صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ لیویز فورس بلوچستان میں پروفیشنلزم پر عمل پیرا ہو کر امن کی بحالی اور جرائم کے خاتمے کے لئے کلیدی کردار ادا کررہی ہے، ماضی اور آج کی لیویز فورس میں بہت بدلاؤ آیا ہے لیویز فورس کو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق ہم آہنگ کرنے کے لئے ان میں جدت لاتے ہوئے انہیں انسداد دہشت گردی اور جرائم سے نمٹنے کی جدید تربیت اور کورس کروائے گئے ہیں اس میں پاک فوج نے اپنا اہم کردار ادا کرتے ہوئے لیویز فورس کے جوانوں کو مختلف شعبوں میں لائٹ کانٹیکٹ کے ساتھ ساتھ مختلف طریقوں پر عمل پیرا ہو کر تربیت فراہم کی ہے لیویز نے ہر موقع پر اپنے فرائض کی بجا آوری کو یقینی بناتے ہوئے ڈلیور کرکے عوام کا اعتماد جیتا ہے۔ آن لائن سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ حکومت بھی لیویز فورس کے بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

یہی الیکشن کمشنر نگراں حکومت بنائے گا اور انہیں اسے ماننا پڑے گا، قمر زمان کائرہ

پرویز الٰہی نے کہا ہے نگران حکومت کو نہیں مانیں گے، یہ مارشل لاء کا راج نہیں، آئین کا راج ہے، وزیراعظم کے مشیر کا خطاب

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے امور آزاد کشمیر، گلگت و بلتستان قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ راؤنڈ میں اعلان کررہا ہوں کہ یہی الیکشن کمشنر نگراں حکومت بنائے گا اور انہیں اسے ماننا پڑے گا، پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ نگراں حکومت کو نہیں مانیں گے، یہ مارشل لاء کا راج نہیں، آئین کا راج ہے، آئین کہتا ہے کہ عبوری حکومت کا فیصلہ وزیر اعلیٰ اور قائد حزب اختلاف نہ کرسکے تو معاملہ پارلیمانی کمیٹی میں جائے گا اور اگر وہاں بھی فیصلہ نہ ہو تو فیصلہ الیکشن کمیشن کرے گا، انہیں بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

اسپیکر قومی اسمبلی نے مزید 35 اراکین کے استعفے منظور کرلیے، مجموعی تعداد 80 ہوگئی

آئین کے آرٹیکل 64 کی کلاز ون، قومی اسمبلی رولز اینڈ ریگولیشن 2007 کے مطابق پی ٹی آئی اراکین اسمبلی کے استعفے منظور کیے گئے

اراکین کے استعفے منظور کیے جانے کے بعد مزید کارروائی کے لیے الیکشن کمیشن پاکستان کو ارسال کردیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی راجا پرویز اشرف نے پاکستان تحریک انصاف کے 34 اراکین اسمبلی کے استعفے منظور کرنے کے چند روز بعد ہی پی ٹی آئی کے مزید 35 پی ٹی آئی کے استعفے منظور کرلیے۔ جمعہ کو اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 64 کی کلاز ون، قومی اسمبلی رولز اینڈ ریگولیشن 2007 کے مطابق پی ٹی آئی اراکین اسمبلی کے استعفے منظور کیے گئے۔ پی ٹی آئی اراکین اسمبلی کے استعفوں کا اطلاق 11 اپریل 2022 سے ہوگا، اراکین کے استعفے منظور کیے جانے کے بعد مزید کارروائی کے لیے الیکشن کمیشن پاکستان کو ارسال کردیے گئے۔ جن اراکین اسمبلی کے استعفے جمعہ کو منظور کیے گئے ان میں ڈاکٹر حیدر علی خان، سلیم رحمن، صاحبزادہ صبغت اللہ، محبوب شاہ، محمد بشیر خان، جنید اکبر، شیر اکبر خان، علی خان جدون، انجینئر عثمان خان بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

صوبے میں قیام امن کے لئے ہماری سیکیورٹی فورسز نے بیش بہا قربانیاں دی ہیں' زاہد سلیم

لیویز فورس دیگر سیکیورٹی فورسز کے ہمراہ شانہ بشانہ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کررہی ہے' ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ

کوئٹہ (آن لائن) ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم نے کہا ہے کہ صوبے میں قیام امن کے لئے ہماری سیکیورٹی فورسز نے بیش بہا قربانیاں دی ہیں بلوچستان میں لیویز فورس کے استعداد کار میں اضافہ ایک شاندار کامیابی ہے فورس کو جدید اسلحہ سے لیس کرنے کے ساتھ ساتھ جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے لیویز فورس دیگر سیکیورٹی فورسز کے ہمراہ شانہ بشانہ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کررہی ہے اپنی فورسز کی بہتری کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے آن لائن، بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

خیبر پختونخوا پولیس دہشتگردوں کیساتھ جدید تھرمل سائٹس سے نمٹنے کیلئے تیار

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا پولیس نے دہشت گردوں کے ساتھ جدید ہتھیاروں سے نمٹنے کے لیے 40 جدید تھرمل سائٹس ڈی آئی خان اور بنوں بھجوا دی جبکہ 600 سے زائد تھرمل سائٹس خریدنے کے لئے تیاری مکمل کرلی گئی ہے۔ خیبر پختونخوا پولیس نے 40 جدید تھرمل سائٹس خرید کر بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

پلاننگ ڈویژن نے انٹرچینج کی تعمیر کیلئے 100 ملین کے فنڈز منظوری دیدی ہے

بھوگ موڑ سے انٹرچینج تعمیر کیس کی سماعت وزارت پلاننگ نے انٹرچینج تعمیر پراگرس رپورٹ سپریم کورٹ میں پیش

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں بھوگ موڑ سے انٹرچینج تعمیر کیس کی سماعت وزارت پلاننگ نے انٹرچینج تعمیر پراگرس رپورٹ عدالت میں پیش کردی جس میں عدالت کو بتایا گیا کہ پلاننگ ڈویژن نے انٹرچینج کی تعمیر کیلئے 100 ملین کے فنڈز منظوری دیدی ہے۔ جمعہ کو جسٹس منیب اختر کی سربراہی میں دورکنی بینچ نے سماعت کی، عدالت میں بھوگ موڑ سے انٹرچینج تعمیر کیس کی سماعت کے دوران وزارت پلاننگ نے انٹرچینج تعمیر پراگرس رپورٹ عدالت میں پیش کردی ایڈیشنل اٹارنی جنرل بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

عمران خان کی نااہلی کی وجہ سے پاکستان عالمی سطح پر تنہائی کا شکار ہوچکا تھا، فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت اور ترجمان پیپلز پارٹی فیصل کریم کنڈی نے عمران خان کی تقریر پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان کی نااہلی کی وجہ سے پاکستان عالمی سطح پر تنہائی کا شکار ہوچکا تھا۔ اپنے بیان میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

پیر کس میں ہونیوالے حق تلفی، زیادتی اور ناانصافی کو کسی صورت میں برداشت نہیں کیا جائے گا، جام کمال خان

لوگ ان زمینوں پر صدیوں سے آباد مقامی لوگوں کیساتھ ناانصافی ہوئی تو ہم اور علاقے کے لوگ ہرگز قبول نہیں کریں گے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

اوتھل (نامہ نگار) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا کہ حب کے علاقے پیر کس میں ہونے والے سیٹلمنٹ میں مقامی لوگوں کے ساتھ کسی حق تلفی، زیادتی اور ناانصافی کو کسی صورت میں برداشت نہیں کیا جائے گا، ان کے دور وزارت اعلیٰ میں 2021 اور 2022 میں خریدی گئی جدید مشینری کو برف ہٹانے کے استعمال کرتے دیکھ کر خوشی ہوئی۔ مجھے امید ہے کہ وہ ریسکیو مقامات، ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر سینٹرز اور ایسے تمام پروگراموں کو بروقت مکمل کریں گے جو 2020 اور 2021 کے بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

لاہور، پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان [illegible] خطاب کررہے ہیں

IMF تب پیسے دے گا جب ہم ان کی شرائط مانیں گے، عمران خان

سعودی عرب نے بیان دیا ہے ہم پہلے کی طرح پیسے نہیں دیں گے، یہ مشروط ہوں گے، آج یہ سیلاب کو بیچ رہے ہیں

دنیا پیشگوئی کررہی ہے پاکستان میں سری لنکا جیسی صورتحال ہونے والی ہے، مہنگائی مزید پچاس فیصد بڑھ جائے گی، چیئرمین پی ٹی آئی کا خطاب

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم سرکار فیل ہوگئی ہے، آج ہم وہاں کھڑے ہیں کہ دنیا پیشگوئی کررہی ہے کہ پاکستان میں سری لنکا جیسی صورتحال ہونے والی ہے، ایل سیز کھولنے کے پیسے نہیں ہیں، سعودی عرب نے بیان دیا ہے ہم ویسے پیسے نہیں دیں گے جیسے پہلے دیتے تھے اب انہوں نے کہا کہ یہ مشروط ہوں گے، آج یہ سیلاب کو بیچ رہے ہیں، انہیں دنیا میں کہیں سے پیسہ نہیں مل رہا، آئی ایم ایف تب پیسے دے گا جب ہم ان کی شرائط مانیں گے، پچھلے پچاس سالہ تاریخ کی سب سے زیادہ مہنگائی ہے اور ان کی شرائط مانیں گے تو مہنگائی مزید پچاس فیصد بڑھ جائے بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

افغانستان میں سردی سے ہلاکتوں کا سلسلہ جاری، تعداد 78 ہوگئی' سردی سے اموات افغانستان کے آٹھ صوبوں میں رپورٹ ہوئی ہیں، طالبان حکام

کابل (این این آئی) افغانستان میں 15 سالوں میں پڑنے والی شدید ترین سردی کی لہر جاری ہے، درجہ حرارت منفی 34 تک گر گیا ہے، پچھلے ایک ہفتے میں شدید ترین سردی سے 78 افراد موت کے منہ میں چلے گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اقوام متحدہ نے خبردار کیا کہ خواتین ورکرز پر پابندی امدادی کاموں میں رکاوٹ بن رہی ہے، بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

لاہور، وزیراعظم کے مشیر امور آزاد کشمیر گلگت بلتستان قمر زمان کائرہ پاچیاں پنڈ میں رانا دلشاد صفدر، رانا فیصل اور رانا ندیم کی پیپلز پارٹی کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ EDITORIAL

لکھنے کے خواہشمند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

21 جنوری 2023ء

کوئٹہ کی شدید سردی میں گیس ناپید

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں کڑاکے کی سردی کے دوران سوئی گیس پریشر کی عدم دستیابی کے ستائے لوگوں نے گھروں کو گرم رکھنے کیلئے لکڑیوں کا استعمال شروع کردیا۔ تفصیلات کیمطابق بلوچستان کے 35 اضلاع میں سے صرف 10 اضلاع کو سوئی گیس کی سہولت دستیاب ہے جن میں کوئٹہ، پشین، سبی، بولان، قلات اور زیارت بھی شامل ہیں لیکن سردیوں کی آمد کے ساتھ ہی ان اضلاع میں سوئی گیس کا پریشر انتہائی کم ہوجاتا ہے جس کے پیش نظر صارفین متبادل ذرائع کی تلاش میں نکل پڑتے ہیں۔ جہاں سردیوں میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے کئی ڈگری نیچے گرجاتا ہے وہاں گھروں کو گرم رکھنے کے لیے لکڑیاں بطور ایندھن استعمال ہوتی ہیں۔ گھروں میں جلانے کے لیے لکڑی جو عام طور پر 1200 روپے من فروخت ہوتی ہے سردیوں میں 1600 روپے من تک پہنچ جاتی ہے، اب شہریوں کے لیے لکڑی کا استعمال بھی مشکل ہونے لگا ہے۔ شہریوں نے شکوہ کیا کہ گیس کا تو نام نشان نہیں ہے اس لیے تو لکڑی خریدنے آئے ہیں، مجبور ہیں گیس تو بالکل نہیں ہے ہم اب ایل پی جی خرید نہیں سکتے، لکڑی کا یہ حال ہے، ایک ٹال پر جاؤ کوئی بولتا ہے 1400 کا من ہے آگے والا کہتا ہے 1600 کا من ہے، آگے جاؤ تو کوئی کہتا ہے کہ 2000 کا من ہے، غریب بندہ اتنا پریشان ہے لیکن کوئی سننے والا ہی نہیں ہے۔ دوسری جانب ثناء اللہ نامی دکاندار نے کہا کہ ابھی گیس کا پریشر بالکل نہیں ہے اس لیے لکڑی 1500 سے 1600 روپے من تک بک رہی ہے اور اگر گیس ہو تو 1100 سے 1200 روپے من کا ریٹ ہے۔ بلوچستان کے وہ اضلاع جہاں سوئی گیس کی سہولت میسر نہیں ہے وہاں گھروں کو گرم رکھنے کیلئے لکڑی کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا لہٰذا شہریوں کا مطالبہ ہے کہ حکومت لکڑی کی دستیابی اور اور دام کو کم کرنے کے اقدامات کرے۔

بلوچستان، زندگی سے زندگی روٹھ گئی

زندگی اتنی سہل کہاں ہے کہ شعر وسخن کی لطافتوں سے لطف اندوز ہوا جائے۔ اور عطا شاد کا مصرعہ "کس نے کہا تھا گھر لب دریا بنائیے" تو غریب غرباء کی سراسر تضحیک کے ساتھ ساتھ ان کا منہ چڑاتا لگتا ہے جو صدیوں سے دریا کنارے بوسیدہ جھونپڑیوں میں زندگی کے ایام بنا کوئی گلہ، شکوہ خاموشی سے گزارے جارہے تھے کہ سیلابی ریلوں نے ان سے زندہ رہنے کے اسباب ہی چھین لئے۔ ایک رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں بارشوں اور سیلاب سے ہونے والے نقصانات کا سروے مکمل ہوگیا ہے۔ جس کے مطابق رواں سال بارشوں اور سیلاب سے 336 افراد جاں بحق 187 زخمی ہوئے۔ سیلاب اور بارشوں سے صوبے میں 3 لاکھ 21 ہزار 19 مکانات تباہ ہوئے نصیر آباد میں سب سے زیادہ 94578 مکانات کو نقصان ہوا ہے سیلاب سے 4 لاکھ 75 ہزار 721 ایکٹر زرعی زمین کو نقصان پہنچا، سیلاب سے صوبے بھر میں 2 لاکھ 92 ہزار 526 مویشی سیلابی ریلوں میں بہہ گئے۔ بارشوں اور سیلاب سے 103 ڈیمز شدید متاثر ہوئے، بلوچستان میں 2 ہزار 2 سو 21 کلومیٹر قومی اور بین الصوبائی اور لنک شاہراہیں سیلابی پانی میں بہہ گئیں، بلوچستان بھر میں قومی شاہراہوں پر قائم 25 پل ٹوٹ گئے۔ سیلاب کی زد میں آکر ہرک کے مقام پر ایک ریلوے پل بھی بہہ گیا۔ پی ڈی ایم اے نے سیلاب میں پھنسے ہوئے 1 لاکھ 25 ہزار سے زائد لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا۔ سیلاب کے دوران 10 لاکھ سے زائد لوگوں تک امدادی سامان پہنچایا گیا، پی ڈی ایم اے۔

کوئٹہ: حکومت کی جانب سے سیلاب میں جاں بحق ہونے والے 336 افراد کے لواحقین میں امدادی چیکس تقسیم کئے گئے ہیں، بلوچستان میں سیلاب سے تین لاکھ سے زائد گھروں کو نقصان، لاکھوں ایکڑ پر کاشت فصلیں تباہ ہوئیں، سرکاری بلوچستان حکومت کی جانب سے مون سون بارشوں کے دوران بارشوں اور سیلابی ریلوں سے ہونے والے نقصانات کا جائزہ لینے کیلئے کروایا جانے والا سروے مکمل ہوگیا صوبے میں مجموعی طور پر 321019 مکانات کو نقصان پہنچا، جبکہ پانچ لاکھ 90 ہزار 439 ایکٹر پر کھڑی فصلات تباہ ہوئیں، 2 لاکھ 92 ہزار 526 مویشی سیلابی ریلوں کی نذر ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان میں رواں سال یکم جون سے 25 اگست تک ہونے والی مون سون بارشوں اور سیلابی ریلوں کے باعث بڑے پیمانے پر نقصانات ہوئے ان نقصانات کے ازالے کیلئے بلوچستان حکومت نے محکمہ ریونیو کے زیر اہتمام صوبے کے 32 اضلاع میں جوائنٹ سروے کرایا جس کی رپورٹ مرتب کرلی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق تین ماہ کے مون سون بارشوں اور سیلابی ریلوں سے 336 افراد جاں بحق جبکہ 187 زخمی ہوئے، صوبے میں مجموعی طور پر 321019 مکانات کو نقصان پہنچا 250137 مکانات مکمل طور پر گرے جبکہ 96166 کو جزوی نقصان پہنچا، سب سے زیادہ 94578 مکانات ضلع نصیر آباد میں نقصان پہنچا جبکہ سب سے کم نقصانات ضلع زیارت میں ہوا وہاں 223 مکانات گرے، سروے رپورٹ کے مطابق صوبے میں پانچ لاکھ 90 ہزار 439 ایکٹر پر کھڑی فصلات تباہ ہوئیں سب سے زیادہ زراعت کو نقصان ضلع جھل مگسی میں ہوا جہاں، ایک لاکھ 73 ہزار 908 ایکٹر پر فصلات تباہ ہوگئیں۔ رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں 2 لاکھ 92 ہزار 526 مویشی سیلابی ریلوں کی نذر ہوئے جن میں نوے ہزار سے زائد جھل مگسی اور 85 ہزار نصیر آباد میں مارے گئے۔ محکمہ ریونیو کی جانب سے یہ رپورٹ جلد صوبائی حکومت کو پیش کی جائے گی جس کے بعد متاثرین کی بحالی کا کام شروع کیا جائے گا۔

کراچی کے بلدیاتی انتخابات اور عمران خان کی مقبولیت (آخری قسط)

نصرت جاوید

غضب ناک بنائے ہوئے ہے۔ جارحانہ انداز سیاست کی بدولت ان دنوں عمران خان صاحب ہی ان کے دلوں میں پلتے غضب کا ایک وتنہا "ترجمان" سنائی دے رہے ہیں۔ معاملہ مگر اب "ترجمانی" تک ہی محدود نہیں رہا۔ چند روز قبل سابق وزیر اعظم نے بالآخر چودھری پرویز الٰہی کو مجبور کردیا کہ عدالتی فیصلے کا انتظار کرنے کے بجائے وہ صوبائی اسمبلی سے اعتماد کا ووٹ حاصل کریں۔ اپنے بندے گنوانے کے عین ایک دن بعد چودھری صاحب نے پنجاب اسمبلی کی تحلیل بھی یقینی بنادی۔ تحریک انصاف کی مخالف جماعتوں میں موجود "کائیاں چالبازوں" کو ان دونوں امکانات کی ہرگز توقع نہیں تھی۔ وہ رونما ہوئے تو بوکھلا گئے۔ گوگو کی کیفیت میں مبتلا شخص کے لئے انگریزی زبان میں ایک فقرہ استعمال ہوتا ہے۔ سادہ الفاظ میں وہ مذکورہ شخص کو ایک ایسے اداکار کی صورت پیش کرتا ہے جو سٹیج پر رچائے کھیل کے دوران اپنے کردار کے لئے لکھا "سکرپٹ" بھول جاتا ہے۔ ہمارے ہاں ان دنوں سیاستدانوں کے "سکرپٹ" کا نہیں بلکہ "بیانیے" کا ذکر ہوتا ہے۔ مسلم لیگ (نون) کا پنجابی محاورے والا بھانڈا (برتن) اس ضمن میں قطعاً "خالی" نظر آرہا ہے۔ توقع یہ باندھی جارہی تھی کہ پنجاب اسمبلی کے لئے اگر الیکشن سے مفر بالآخر ممکن نہ رہا تب بھی وفاقی حکومت اپنی "آئینی مدت" پوری کرے گی۔

پیر کے روز قومی اسمبلی میں لوٹنے کا عندیہ دیتے ہوئے عمران خان صاحب نے اس خوش فہم تصور کو بھی گہری زک لگادی ہے۔ سیاسی حرکیات کا دیرینہ شاہد ہوتے ہوئے میں اس رائے کا اظہار کرنے کو مجبور ہوں کہ معاملات اب عام انتخاب کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ انھیں رواں برس کے اکتوبر تک ٹالنا ممکن نہیں رہا۔

☆☆☆☆☆

میر چاکر خان یونیورسٹی سبی

فاروق خان سنزر

بلوچستان کا دوسرا بڑا شہر سبی تاریخی حیثیت سے بڑی اہمیت کا حامل ہے اسکے رہائشی محنتی، باشعور، تعلیم دوست اور محب وطن ہیں جو ملکی اداروں اور وفاقی وصوبائی محکموں میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں انکی کامیابی کی بنیادی وجہ تعلیم کا حصول ہے کیونکہ قوموں کی ترقی وخوشحالی تعلیم کے بغیر ممکن نہیں جن قوموں نے تعلیم کو شعار بنایا وہ آج ترقی کی منازل طے کررہی ہیں ہمیں تعلیم پر خصوصی توجہ دیکر ترقی یافتہ ممالک کی طرح خوب محنت کرنی ہوگی سبی شہر کی عوام کیلئے میر چاکر خان رند یونیورسٹی کا قیام ماہ اکتوبر 2019 کے وسط میں عمل میں آیا عارضی بلڈنگ میں درس وتدریس شروع کی گئی جبکہ مین کیمپس کی عمارت پر تعمیراتی کام جاری ہے سبی شہر میں اعلیٰ تعلیمی ادارہ نہ ہونے کے سبب نوجوان نسل جدید عصری علوم کی تعلیم سے محروم تھی غریب اور متوسط طبقے کے افراد اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے کوئٹہ اور اندرون ملک کی یونیورسٹیوں میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے سے قاصر تھے کیونکہ ایک طرف گھر سے دوری اور دوسری طرف مالی اخراجات کی کمی وجہ بنتی تھی حکومت بلوچستان نے سبی وگردونواح کے رہائش پذیر عوام کو اعلیٰ تعلیم کی سہولت فراہم کرنے کیلئے میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کی منظوری دی 24

اکتوبر 2019 کو گورنر بلوچستان نے باقاعدہ افتتاح کیا جس کے ساتھ ہی سبی شہر و اطراف علاقوں کے طلباء جوق در جوق میر چاکر خان رند یونیورسٹی کا رخ کرکے مختلف شعبوں میں داخلہ لے رہے ہیں میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کے قیام سے جہاں نوجوان نسل کو اعلیٰ تعلیم اور ڈگری کا حصول ممکن ہوا ہے وہیں پر انکے معاشی حالات بہتر ہونے میں بھی مدد ملے گی جبکہ معاشرتی طور پر ذمہ دار شہری بن کر ملک کی تعمیر وترقی میں اپنا حصہ شامل کرسکیں گے کیونکہ سبی شہر اور گردونواح کے علاقوں میں اعلیٰ تعلیمی اداروں کی کمی کے باعث اعلیٰ تعلیم کے غرض سے کوئٹہ سمیت اندرون ملک کی یونیورسٹیوں میں جاتے تھے اب انکو دور جانے کی ضرورت نہیں کیونکہ حکومت بلوچستان نے انھیں اپنے شہر سبی میں اعلیٰ تعلیمی سہولیات میر چاکر خان رند یونیورسٹی کی صورت میں فراہم کی ہے اس وقت میر چاکر



خان رند یونیورسٹی سبی کے تحت مختلف ڈپلومہ اور شارٹ کورسز کرائے جارہے ہیں ایم ایس ایم فل پروگرام اس پروگرام کے میں پانچ شعبوں جن میں فیکلٹی آف ایجوکیشن، فیکلٹی آف کمپیوٹر سائنس، فیکلٹی آف مینجمنٹ سائنس، فیکلٹی آف بوٹنی اور فیکلٹی آف انگلش میں شام کی کلاسیز میں داخلے جاری ہیں وائس چانسلر ڈاکٹر سید مشتاق احمد شاہ کی خصوصی کاوشوں سے نوکری کرنے والے افراد ودرج ذیل ڈپلومہ اور ایم ایس ایم فل میں دلچسپی رکھتے ہوں تو انھیں بھی داخلہ دیا جائے گا سوفٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک کی منظوری منسٹری آف آئی ٹی کی جانب سے ابتدائی مرحلے میں ہے ملک کے 25 شہروں میں سوفٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک بنائے جائیں گیا ایک اب کے بجٹ سے بلوچستان کی مختلف یونیورسٹیوں میں میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی بھی شامل ہے جسکا سہرا وائس چانسلر میر چاکر خان رند یونیورسٹی کو جاتا ہے جنھوں نے دن رات محنت کرکے سوفٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک کو منظور کرایا آئی ٹی، ٹیلی کام اور انٹرنیٹ کی سہولت کی فراہمی طلباء وطالبات کو انٹرنیٹ، آئی ٹی اور ٹیلی کام کی سروس سے جہاں طلباء وطالبات اور عوام کو پیغام رسانی کی سہولیات میسر ہونگی وہیں پر عوام کو روزگار کے مواقع بھی میسر آئیں گے نیز عوام کو درپیش مشکلات کا سدباب بھی ممکن ہوسکے گا پروفیسر ڈاکٹر سید مشتاق احمد شاہ کی قابلیت کی بدولت نوجوان نسل کو آن لائن کورسز مفت کرائے جائیں گے جسکی بدولت طلبا گھر بیٹھے اپنی تعلیم مکمل کرسکتے ہیں۔ سرحد یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پشاور سے ایم او یو کے مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے فاصلاتی تعلیمی معاہدے کے تحت بلوچستان بھر کے 35 سے زائد مختلف ڈگریوں میں طلباء گھر بیٹھے داخلہ لے سکتے ہیں یہ سہولت یونیورسٹی میں زیر تعلیم اور نئے داخلہ لینے والے طلباء وطالبات دونوں کیلئے یکساں ہے جبکہ ٹیوشن فیس سے بھی طلباء وطالبات کو استثنیٰ دیا گیا ہے ایم او یو معاہدے کے تحت بلوچستان کے طلباء کو اسکالرشپس، مفت مختلف کورسز اور مطالعاتی دوروں پر اندرون صوبہ وملکی یونیورسٹیوں میں بھیجا جائے گا اور اسکے ساتھ سیر وتفریح کے مواقع بھی میسر آئیں گے سولر ٹیکنالوجی پروگرام حکومت پاکستان کی جانب سے ملک بھر کی مختلف یونیورسٹیوں کو انرجی بچانے کے غرض سے سولر ٹیکنالوجی پر منتقل کیا جارہا ہے جسکے تحت میر چاکر خان رند یونیورسٹی میں کام تیزی سے جاری ہے میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی جلد سولر سسٹم پر منتقل ہوجائے گی سولر ٹیکنالوجی پر منتقل ہونے سے جہاں بجلی کی بچت ہوگی وہیں پر بجلی بندش یا ٹرپنگ سمیت اعلانیہ و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے بھی نجات ملے گی اور طلباء وطالبات کو شدید گرمی میں سولر سسٹم کے سبب آرام دہ ماحول میسر آئے گا بلوچستان حکومت کی جانب سے میر چاکر رند یونیورسٹی کے طلباء وطالبات کو ملک بھر مطالعاتی دوروں پر بھیجا جائے گا اس وقت بھی میر چاکر خان رند یونیورسٹی کا ایک وفد اسلام آباد مری آزاد کشمیر سمیت دیگر علاقوں کے دورے پر ہے ایم ایس، بی ایس پروگرامز کے علاوہ مختلف ڈپلومہ و شارٹ کورسز کا انعقاد کیا جارہا ہے اسپورٹس اور کھیل کا انعقاد نوجوان نسل کو کھیلوں کی سرگرمیوں کے ذریعے جسمانی فٹنس اور تفریح فراہم کی جارہی ہے کھیلوں کے سامان کی کمی اور کھیلوں کے مقابلوں کے ایونٹ کے انعقاد کے لئے ڈاکٹر سید مشتاق شاہ ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کررہے ہیں میر چاکر خان رند یونیورسٹی میں 16 پروفیسرز پی ایچ ڈی ہولڈرز تعلیمی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہیں جبکہ طلباء وطالبات کے علاوہ اساتذہ کو بھی ملک اور بیرون ممالک بھی اسکالرشپس پر بھیجا جارہا ہے اس وقت بھی میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے اسکالر شپس پر دو لیکچرار امریکہ اور ملائیشیا کے مطالعاتی دورے پر ہیں میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کے وائس چانسلر ڈاکٹر سید مشتاق احمد شاہ کہتے ہیں کہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی اعلیٰ تعلیمی سرگرمیوں میں عوام کی توجہ کا مرکز بن چکا ہے سبی کے طلباء وطالبات کے علاوہ صوبہ سندھ اور پنجاب کے نوجوان بھی یہاں جدید عصری تعلیم حاصل کررہے ہیں نوجوان نسل جدید عصری علوم کے بغیر دور جدید کے چیلنجز کا مقابلہ نہیں کرسکتی صوبے کے طلباء اور اساتذہ کو عالمی تعلیمی سرگرمیوں سے متعارف کرانے کیلئے بیرون ممالک اسکالرز شپس کے مواقع فراہم کیئے جارہے ہیں نوجوان نسل اور اساتذہ اسکالرز شپس پروگرامز سے بھرپور استفادہ حاصل کریں دور جدید کی تعلیم حاصل کرکے ہی ہم ملک وقوم کا نام روشن کرسکتے ہیں ملک کے اعلیٰ تعلیمی اداروں کی طرح انتہائی کم وقت میں جدید عصری علوم کے فروغ میں تیزی سے ابھرتی ہوئی میر چاکر خان رند یونیورسٹی مستقبل قریب میں ملکی تعلیمی اداروں کے ساتھ کھڑی نظر آئے گی سبی شہر اور بلوچستان کے لوگوں کیلئے خصوصاً تعلیمی پسماندگی کو ختم کرنے کیلئے اسکالرشپس کے مواقع فراہم کررہے ہیں صوبے کے نوجوان جدید عصری علوم کے حصول کیلئے اسکالرشپس کے مواقع سے بھرپور استفادہ حاصل کریں کیونکہ طلباء وطالبات کے مستقبل کا دارومدار اعلیٰ تعلیم پر منحصر ہے صوبے کی عوام اپنے بچوں کے روشن مستقبل کیلئے انھیں جدید عصری علوم کی تعلیم سے آراستہ کریں میر چاکر خان رند یونیورسٹی جدید عصری علوم سے آراستہ اور دور جدید کے چیلنجز سے نمٹنے میں نوجوانوں کی مددگار ثابت ہورہی ہے میر چاکر خان رند یونیورسٹی میں اس وقت سینکڑوں طلباء تعلیمی سرگرمیوں کے حصول کیلئے زیر تعلیم ہیں جدید عصری علوم سے نوجوانوں کو آراستہ کرنے کیلئے صوبے کے مختلف اضلاع میں یونیورسٹیاں قائم کی گئی ہے میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کے قیام سے سبی شہر اور گردونواح کے رہائشی طلباء تعلیم کی سہولیات سے مستفید ہورہے ہیں بلکہ انھیں دور دراز علاقوں میں جانے کی تکالیف بھی اٹھانی نہیں پڑرہی جبکہ سبی کی عوام کیلئے قریب ترین یونیورسٹی بھی میر چاکر خان رند یونیورسٹی ہے صحافیوں کی جانب سے کیئے جانے والے عوامی سروے کے مطابق میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی طلباء، نوجوانوں

کیلئے کسی نعمت عظمیٰ سے کم نہیں کیونکہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے قیام سے جہاں نوجوان نسل کو اعلیٰ تعلیم اور ڈگری کا حصول ممکن ہوا وہیں پر انکے معاشی حالات بہتر ہونے کے علاوہ ملک وقوم کیلئے خدمات بھی حاصل ہوسکیں گی نیز معاشرتی طور پر ذمہ دار شہری بن کر ملک کی تعمیر وترقی میں اپنا حصہ شامل کرسکیں گے جبکہ سبی شہر اور گردونواح کے علاقوں میں اعلیٰ تعلیمی اداروں کی کمی کے باعث نوجوان نسل اور مستقبل کے معمار جدید عصری علوم سے محروم رہتے تھے یا اعلیٰ تعلیم کے غرض سے کوئٹہ سمیت اندرون ملک کی یونیورسٹیوں میں جانے سے عاجز تھے اب انھیں دور جانے کی کوئی ضرورت نہیں کیونکہ حکومت بلوچستان نے انھیں اپنے شہر سبی میں اعلیٰ تعلیمی سہولیات کی فراہمی میں میر چاکر خان رند یونیورسٹی کا تحفہ دیا جس پر ہم حکومت بلوچستان کے مشکور وممنون ہیں میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے کھلنے سے جہاں طلباء میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے وہیں پر والدین بھی خوش ہیں والدین کی خوشی کی وجہ انکے بچوں کا روشن مستقبل ہے جو انھیں میر

چاکر خان رند یونیورسٹی کی صورت میں نظر آرہا ہے اور طلباء کے مستقبل کا دارومدار اعلیٰ تعلیم سے وابستہ ہے اور میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی اعلیٰ تعلیمی سرگرمیوں کا مظہر بن چکی ہے جہاں پر عصری علوم کی تدریس سے دور جدید کے چیلنجز سے نمٹنے میں مدد مل رہی ہے سبی شہر کے لونی روڈ پر واقع میر چاکر خان رند یونیورسٹی نہ صرف بلوچستان بلکہ پوری پاکستان کے طلباء وطالبات کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے کیونکہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی طلباء وطالبات کیلئے کسی نعمت عظمیٰ سے کم نہیں میر جاہزیب ساحری (پروجیکٹ ڈائریکٹر) کی سربراہی میں میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے مین کیمپس پر مختلف پروجیکٹ پر کام تیزی سے جاری ہے انہوں نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی کا مین کیمپس 250 سو ایکٹر کے وسیع رقبے پر تعمیر کیا جارہا ہے ابتدائی مرحلے میں یونیورسٹی کی چار دیواری سمیت مین گیٹ کی تنصیب مکمل کی جاری ہے جبکہ مختلف شعبوں کے بلاکس وسیع وعریض کلاس رومز کشادہ لائبریری خوبصورت کینٹین پر فضا پارک بنائے جائیں گے عوامی حلقوں کی جانب سے میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر سید مشتاق شاہ صاحب کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ موصوف نے جب سے چارج سنبھالا ہے میر چاکر خان رند یونیورسٹی میں بڑی تعلیمی تبدیلیاں رونما ہوئیں ہیں تعلیم دوست قلم دوست اور کتاب دوست شخصیت کے آنے سے جہاں طلباء و نوجوانوں کے تعلیمی مسائل حل ہورہے ہیں تو وہیں پر میر چاکر اعظم یونیورسٹی میں اسٹاف کی کمی کو پورا کرنے اور نئی آسامیاں مشتہر کرکے میرٹ پر عوام کو روزگار کی سہولت فراہم کرنے کیلئے دن رات کوشاں ہیں بیروزگار افراد کو برسر روزگار کرنے اور سینکڑوں خاندانوں کی کفالت کا سہرا بھی ڈاکٹر سید مشتاق شاہ کے سر جاتا ہے جبکہ کسی دباؤ کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے آئندہ بھی مقامی نوجوانوں کی بھرتیوں کو میرٹ پر ترجیح دینے اور یونیورسٹی میں تعلیمی نظام کو مزید بہتر بنانے کے عزم کا اظہار کیا جبکہ اس سے قبل بھی کئی بار وائس چانسلر نے حقدار کو اسکا حق دیتے میں کوئی کوتاہی یا غفلت برداشت نہیں کی بلکہ سختی سے تاکید کی کہ میرٹ کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا اور کسی کے ساتھ حق تلفی نہیں ہوگی کیونکہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہمارا بنیادی فریضہ ہے ڈاکٹر سید مشتاق شاہ نے تعلیمی تبدیلیوں کیلئے نظام تعلیم پر خصوصی توجہ دیکر یومیہ بنیاد پر کلاسز کے وزٹ طلباء وطالبات کے تعلیمی معیار کو بڑھانے کیلئے سیمینارز کا خصوصی اہتمام کتب ورسائل سے نوجوانوں کی دوستی کی خاطر لائبریری کا قیام جس میں پانچ ہزار سے زائد مختلف موضوعات پر تصانیف کی فراہمی قیام امن کی خاطر جامع سیکیورٹی نظام اور کیمرہ سسٹم پرسکون آرام دہ ماحول صاف ستھرے کشادہ کلاس رومز گلریاں، لان اور رنگ برنگے پھولوں کی خوشبو سے طلباء کے ذہن وخیالات پاکیزہ، معطر اور مہک رہے ہیں جبکہ شجرکاری مہم میں ہزاروں پودے یونیورسٹی کے اندر اور باہر لگا کر فضاء اور ماحول کو گندگی سے بچانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات ڈاکٹر سید مشتاق شاہ کی کاوشوں کا واضح ثبوت ہیں جو لائق تحسین ہیں۔

☆☆☆☆☆

پنجاب کا سیاسی کھیل

محسن گواریہ

حکومت اور اپوزیشن میں بلی چوہے کا کھیل موجودہ اسمبلیوں کے قیام کے فوری بعد شروع ہوگیا تھا جس میں عمران خان کے خلاف بطور وزیر اعظم عدم اعتماد کی قرارداد کی کامیابی کے بعد تیزی آئی، سنسنی تب پیدا ہوئی جب عمران خان نے موجودہ اسمبلیوں کو خیر باد کہنے اور پنجاب، خیبر پختونخوا اسمبلیوں کو تحلیل اور سندھ و بلوچستان اسمبلیوں سے پی ٹی آئی کے ارکان کے استعفوں کا اعلان کیا۔ اس اعلان کے بعد 13 جماعتی اتحاد اسمبلیاں بچانے اور تحریک انصاف توڑنے کے لئے جوڑتوڑ میں لگ گئے، اس کے بعد پنجاب میں سیاسی صورت حال نے کئی ڈرامائی موڑ لئے، ایک طرف گورنر پنجاب بلیغ الرحمان نے وزیر اعلیٰ پرویز الٰہی کو اعتماد کا ووٹ لینے کا کہہ دیا جس کے تحت پنجاب اسمبلی کا اجلاس 21 دسمبر کو سہ پہر چار بجے طلب کیا گیا مگر سپیکر پنجاب اسمبلی نے اسے غیر قانونی قرار دے کر اجلاس بلانے سے انکار کردیا۔ دوسری طرف اپوزیشن نے وزیر اعلیٰ، سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کے خلاف عدم اعتماد کی تحاریک اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرائیں اگرچہ بعد میں یہ تحاریک واپس لے لی گئیں۔ عدم اعتماد کی تحریک کا مقصد اسمبلی کی تحلیل کو روکنا تھا، اعتماد کا ووٹ نہ لینے پر گورنر پنجاب نے وزیر اعلیٰ کو ڈی نوٹیفائی کردیا جس کے خلاف اعلیٰ عدلیہ سے رجوع کیا گیا۔ پنجاب اسمبلی میں ارکان کی حمایت کے حوالے سے پارٹی پوزیشن اگرچہ پرویز الٰہی کے حق میں ہے مگر حکومتی جماعت خاص طور پر آصف علی زرداری جادوگری دکھانے کے لئے میدان میں اتر چکے ہیں۔ پارٹی پوزیشن کے مطابق پرویز الٰہی کو 190 ارکان کی حمایت حاصل ہے جن میں 180 ارکان پی ٹی آئی اور 10 مسلم لیگ (ق) کے ہیں جبکہ اعتماد کے ووٹ کے لئے انہیں 186 ارکان کی حمایت کی ضرورت ہے، اپوزیشن کو 180 ارکان کی حمایت حاصل ہے۔ خبر ہے کہ چار خواتین سمیت جنوبی پنجاب کے چھ ارکان نے پرویز الٰہی کو ووٹ نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے جبکہ ایک خاتون رکن مومنہ وحید واضح طور پر اعتماد کا ووٹ نہ دینے کا اقرار کرچکی ہیں، اگر ایسا ہی ہوتا ہے تو پرویز الٰہی کو کم ووٹ ملیں گے جبکہ ضرورت 186 ووٹوں کی ہے۔ زرداری اور نواز شریف، چودھری شجاعت سے مسلسل رابطے میں ہیں۔ دوسری طرف کورٹ نے اپنے فیصلے میں اسمبلی تحلیل نہ کرنے کی انڈرٹیکنگ لے رکھی ہے۔ تحریک انصاف کے جن سات ارکان نے ووٹ نہ دینے کا اعلان کیا ہے وہ شاید ووٹ سے متعلق عدالتی فیصلے کی زد میں نہ آئیں کہ وہ پارٹی پالیسی کے خلاف رائے نہیں دیں گے بس ووٹ کاسٹ نہیں کریں گے۔ یہ اقدامات اس وقت کیے گئے جب عمران خان نے جمعہ 23 دسمبر کو پنجاب اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیاں تحلیل کرنے کا اعلان کیا، پی ڈی ایم نے خیبر پختونخوا حکومت کا تختہ الٹنے کے لئے چھوٹی پارٹیوں کو ساتھ ملایا مگر اسمبلی کی تحلیل روکنے کے لئے مطلوبہ تعداد میں ارکان اکٹھے نہ کرسکی جس کے بعد پنجاب کو ہدف بنالیا گیا۔ آئینی ماہرین کے مطابق پنجاب کی اپوزیشن کے اقدامات نے پنجاب اسمبلی کی فوری تحلیل کے عمل کو روک دیا ہے اور وفاقی حکومت بھی کسی طرح کچھ وقت حاصل کرنا چاہتی تھی جو اسے مل گیا، اب جوڑتوڑ تحریص وترغیب کے جتن کئے جارہے ہیں، اس کے باوجود پی ڈی ایم کی کامیابی مشکوک ہے مگر دوسری جانب پرویز الٰہی کے لئے بھی کامیابی کے آثار نمایاں نہیں ہیں۔۔۔ "پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر کافی دنوں سے یہ بات گردش کررہی ہے کہ وزیر اعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی اپنے پارٹی صدر چوہدری شجاعت حسین اور اپنی پارٹی کے اراکین کا اعتماد کھو چکے ہیں" جبکہ گذشتہ کچھ ہفتوں سے یہ خبر بھی گردش میں ہے کہ پنجاب میں اتحادی جماعتوں کے مابین سیاسی سٹرجی، اسمبلی کی تحلیل، ترقیاتی سکیموں اور سرکاری افسروں کی ٹرانسفر کے حوالے سے سنجیدہ نوعیت کے اختلافات پیدا ہوچکے ہیں۔ مسلم لیگ (ق) کے صدر چوہدری شجاعت حسین اس حوالے سے وزیر اعظم شہباز شریف اور آصف علی زرداری سے پچھلے دو روز میں ملاقاتیں کرچکے ہیں، اس صورت حال کو بھانپتے ہوئے آصف علی زرداری نے مسلم لیگ (ن) کو مشورہ دیا تھا کہ عدم اعتماد کی تحریک واپس لے لی جائے اور پرویز الٰہی کو ووٹ پورے کرنے کے لئے دوڑنے بھاگنے دیں۔ سیاسی مبصرین کے مطابق بیک وقت دو محاذ شروع کرنے کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ ایک تو اسمبلی کو تحلیل ہونے سے روکا جائے کیونکہ قانونی طور پر وزیر اعلیٰ کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش ہونے کے بعد وہ اسمبلی تحلیل نہیں کرسکیں گے جبکہ گورنر کی ہدایت پر اگر وہ اعتماد کا ووٹ نہیں لے پاتے تو اسمبلی موجود رہے گی لیکن پرویز الٰہی وزارت اعلیٰ سے ہٹ جائیں گے۔ آئینی ماہرین کے مطابق اعتماد کے ووٹ کی صورت میں پرویز الٰہی کے لیے مشکل ہوسکتی ہے (جاری ہے)

سٹریٹجک دفاعی موضوعات پر چند تاثرات

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

کوئی سے دو ملکوں کے سٹریٹیجک دفاعی تعلقات پر کالم لکھتے ہوئے (اور کالم پڑھتے ہوئے بھی) دو اہم باتوں کا خیال رکھنا چاہئے۔ ایک یہ کہ ان کا عسکری ماضی کس نوعیت کا رہا ہے اور دوسرے ان کے جغرافیائی عوامل ان کے باہمی تعلقات پر کتنے اثر انداز ہوتے ہیں۔۔۔ مثال کے طور پر جب ہم پاک۔ بھارت دفاعی تعلقات کا ذکر کرتے ہیں تو یہ بات شاید بھول جاتے ہیں کہ اگست 1947ء میں ہمیں جو آزادی ملی تھی وہ کسی جنگی معرکے کے پس منظر میں نہیں ملی تھی۔ ہمارے برطانوی آقا، برصغیر کو جب چھوڑنے پر مجبور ہوئے تھے تو ان کی مجبوری ہماری کسی جنگ آزادی کے نتیجے میں عمل میں نہیں آئی تھی۔ ہم 1857ء کی برطانیہ کے خلاف بغاوت کو اپنی پہلی جنگ آزادی گردانتے ہیں اور 90 برس بعد 1947ء کی آزادی کو دوسری جنگ آزادی کا نام دیتے ہیں لیکن ایسا کرتے ہوئے یہ فراموش کر دیتے ہیں کہ 1857ء کی جنگ، ایک حقیقی جنگ آزادی تھی جو برصغیر کے باسیوں نے انگریزوں کے خلاف لڑی تھی۔ اہل ہندوستان نے اس میں ہزاروں جانوں کا نذرانہ پیش کیا تھا لیکن دوسری طرف انہوں نے برٹش آرمی اور ہندوستان میں مقیم برطانوی آبادی کی ایک بڑی تعداد کو بھی تہہ تیغ کیا تھا۔ اس کے مقابلے میں 1947ء کی آزادی تو گویا ہمیں پلیٹ میں رکھ کر پیش کی گئی تھی۔ یہ آزادی، جنگ عظیم دوم کی بالواسطہ عطاء تھی۔ اس دوسری عالمی جنگ میں ہٹلر اور اس کی نازی افواج نے اتحادیوں کے سارے کس بل نکال دیئے تھے۔ چھ سال تک مسلسل لڑنے کے بعد برطانیہ نے فتح یاب ہو کر بھی نہ صرف انڈیا بلکہ اپنی ساری نوآبادیوں کو خیر باد کہہ دیا تھا۔ چھ سال تک جرمنوں سے مار کھانے کے بعد برطانوی افواج میں یہ حوصلہ باقی نہیں رہا تھا کہ انڈیا جیسے وسیع وعریض خطے کو اپنی عسکری قوت کے بل پر ہولڈ کرسکتیں۔ چنانچہ 1947ء کی آزادی کو 1857ء کی جنگ آزادی سے منسلک کرنا یا مماثل قرار دینا ہماری خوش فہمی کہی جاسکتی ہے یا پھر جنگ وجدل کے سٹریٹیجک موضوعات سے لاعلمی۔۔۔

یہی غلطی انڈیا نے 1962ء کی چین۔ بھارت جنگ میں کی تھی، چین کم وبیش انڈیا کے ساتھ ہی آزاد ہوا تھا، ایک دو سال کا فرق تھا، انڈیا کو زعم تھا کہ وہ چین سے آزاد ہونے کے تناظر میں اس سے دو سال سینئر ہے کہ چین کو 1949ء میں آزاد ہونے کا شرف حاصل ہوا تھا۔

جب اس وقت کے انڈین وزیر اعظم پنڈت جواہر لعل نہرو نے چین۔ بھارت سرحد کے معاملے میں اپنی نام نہاد 'سنیارٹی' کے پیش نظر چین کے خلاف 'فارورڈ پالیسی' اپنانے کا فیصلہ کیا تھا تو چین نے اکتوبر 1962ء میں لداخ اور نیفا (NEFA) میں اپنی فوج بھیج کر انڈین آرمی کے چھکے چھڑا دیئے تھے اور چینی افواج گوہاٹی تک آپہنچی تھی جہاں سے دلی پہنچنا بہت آسان تھا لیکن چین نے از خود واپسی کا فیصلہ کیا اور وہ علاقے کہ جن پر نہرو نے 'بھارتی علاقے' سمجھ کر قبضہ کرلیا تھا ان کو واپس چین (تبت) میں شامل کرلیا۔۔۔ وجہ وہی تھی جس کا ذکر سطور بالا میں کیا جاچکا ہے۔۔۔ چین نے تو لانگ مارچ کے طفیل چیانگ کائی شیک کی افواج کو عبرتناک شکست دے کر اسے تائیوان تک محدود کردیا تھا۔ اس کے سامنے انڈیا کی انڈین آرمی جو جنگ آزمودہ نہیں تھی، وہ کیسے ٹھہر سکتی تھی؟ یہ درست تھا کہ دوسری عالمی جنگ میں برٹش انڈین آرمی کے 'دیسی ٹروپس' نے یورپ اور افریقہ کے بعض محاذوں پر یہ جنگ لڑی تھی لیکن ایک تو وہ انڈین ٹروپس بالکل نوآموز تھے، دوسرے ان کی غالب تعداد نچلے رینکوں (سپاہی، لانس نائیک، حوالدار وغیرہ) تک محدود تھی اور تیسرے ان کو جدید سلاح جنگ کا کوئی تجربہ نہ تھا لیکن ماؤزے تنگ کی پیپلز لبریشن آرمی (PLA) تو سالہا سال تک جدید اسلحہ جات سے جدید افواج کا مقابلہ کرتی رہی تھی۔۔۔ یہی وجہ تھی کہ لداخ اور اروناچل پردیش (شمال مشرقی انڈیا) میں PLA، آندھی کی طرح آئی اور انڈین آرمی کو روندتی ہوئی سینکڑوں میل طے کرکے وسطی ہند کی طرف دوڑ لگانے کو تیار ہوگئی۔ چنانچہ جب ہم چین۔ بھارت جنگ کا ذکر کرتے ہیں تو اسے پاکستان۔ بھارت جنگ کے ساتھ منطبق نہیں کرسکتے۔ یہ انطباق (برابری) انڈیا کو 1962ء میں بھی مہنگی پڑی تھی اور 2020ء میں بھی مہنگی پڑی جب چینی فوج نے دست بدست جھڑپ میں 20 بھارتی فوجیوں کو ہلاک کردیا تھا۔

میں قارئین کی توجہ ایک اور طرف بھی دلانا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ پاکستان میں جب بھی سویلین حکومت برسر اقتدار آئی ہے تو اس نے اپنا وزیر دفاع ایک ایسے سویلین شخص کو متعین کیا ہے جس کو عملی طور پر جنگ وجدال کا کوئی تجربہ حاصل نہیں رہا۔ عمران خانی دور میں بھی اور اب شہبازی دور میں بھی وزیر دفاع ایک سویلین ہے۔ آخر کیا وجہ ہے کہ ہم کسی ایسے شخص کو پاکستان کا وزیر دفاع نہیں بناسکتے جس کا ماضی کسی بھی حوالے سے جنگ سے متعلق رہا ہو۔ یہ درست ہے کہ ہم سیکرٹری دفاع کے سلاٹ (Slot) کو پُر کرنے کے لئے ایک ریٹائرڈ فوجی جرنیل کو لگا دیتے ہیں، آج بھی ہم نے یہی کر رکھا ہے، نام لینے کی ضرورت نہیں لیکن سیکرٹری دفاع، وزیر دفاع کے ماتحت ہوتا ہے۔ سویلین وزیر دفاع کو یہ زعم رہتا ہے کہ ایک تھری سٹار (پانو سٹار) جنرل اس کے ماتحت ہے اور وہ اسے 'سر' کہہ کر مخاطب کرتا ہے حالانکہ خود یہ 'سر' ازسرتا پا غیر فوجی ماحول کا پروردہ ہوتا ہے۔

دوسرے ملکوں میں ایسا نہیں ہے، کسی بھی ترقی یافتہ ملک کی وزارت دفاع کی تنظیم دیکھ لیں، اس کا وزیر، عسکری بیک گراؤنڈ کا حامل ہوگا۔ اگر کسی یورپی ملک کا وزیر دفاع سویلین ہے بھی تو اس کا تھیوریٹیکل نالج اتنا مضبوط ہے کہ اس نے بے شک ساری عمر فوجی وردی زیب تن نہیں کی لیکن فوجی امور ومعاملات کا مطالعہ اس شد ومد اور اس تواتر سے کیا ہے کہ اس کو دفاعی معاملات گویا ازبر ہوگئے ہیں۔۔۔ ہمارے ہاں جو بھی سویلین وزیر دفاع بنایا جاتا ہے وہ دفاعی معاملات وحالات سے اگر یکسر بے خبر نہیں ہوتا تو یکسر باخبر بھی نہیں کہا جاسکتا۔ پاکستانی کابینہ میں وزارت دفاع کا قلمدان جس کو سونپا جاتا ہے وہ نظری طور پر اپنے سیکرٹری دفاع سے سینئر ہوتا ہے لیکن عملی طور پر ہر دفاعی معاملے میں اپنے جونیئر سیکرٹری دفاع کا دست نگر اور محتاج ہوتا ہے۔ میری نظر میں اس کی ایک ہی وجہ ہے کہ جو صاحبان سیاست الیکشن میں منتخب ہوکر قومی اسمبلی میں تشریف لاتے ہیں وہ دفاعی امور سے بیگانہ محض ہوتے ہیں۔۔۔ آپ شاید ایک دو مثالیں ہماری تاریخ سے ایسی بھی دیں جو میرے استدلال کی نفی کرتی ہوں گی لیکن 'الشاذ کالمعدوم' والی بات ہوگی یعنی یہ شاذ ونادر وقوعہ نہ ہونے (معدوم) کے برابر ہوتا ہے۔ (جاری ہے)

نوٹس برائے تحریری امتحان

ادارہ تحفظ ماحولیات حکومت بلوچستان سمنگلی روڈ کوئٹہ میں درج ذیل آسامیوں کیلئے بلوچستان کے جن لوکل / ڈومیسائل امیدواروں نے درخواستیں جمع کروائی تھیں ان کو اطلاع دی جاتی ہے کہ تحریری امتحان مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق دفتر ہذا میں ہوں گے تحریری امتحان کے لیے آنے والوں کو کوئی ٹی۔ اے / ڈی۔ اے نہیں دیا جائیگا۔

نمبر شمار	ڈویژن / ضلع	آسامی	تاریخ تحریری امتحان	ٹائم تحریری امتحان	امتحان کا دورانیہ
1	مکران ڈویژن	اسٹینوگرافر	20-02-2023	11:00 AM	ایک گھنٹہ
		جونیئر کلرک	20-02-2023	01:00 PM	ایک گھنٹہ
		اسسٹنٹ انوائرمنٹ انسپکٹر	20-02-2023	03:00 PM	ایک گھنٹہ
2	ژوب ڈویژن	اسٹینوگرافر	21-02-2023	11:00 AM	ایک گھنٹہ
		جونیئر کلرک	21-02-2023	01:00 PM	ایک گھنٹہ
		اسسٹنٹ انوائرمنٹ انسپکٹر	21-02-2023	03:00 PM	ایک گھنٹہ
3	قلات ڈویژن	اسٹینوگرافر	22-02-2023	11:00 AM	ایک گھنٹہ
		جونیئر کلرک	22-02-2023	01:00 PM	ایک گھنٹہ
		اسسٹنٹ انوائرمنٹ انسپکٹر	22-02-2023	03:00 PM	ایک گھنٹہ
4	نصیر آباد ڈویژن	اسٹینوگرافر	23-02-2023	11:00 AM	ایک گھنٹہ
		جونیئر کلرک	23-02-2023	01:00 PM	ایک گھنٹہ
		اسسٹنٹ انوائرمنٹ انسپکٹر	23-02-2023	03:00 PM	ایک گھنٹہ
5	سبی ڈویژن	اسٹینوگرافر	24-02-2023	11:00 AM	ایک گھنٹہ
		جونیئر کلرک	24-02-2023	01:00 PM	ایک گھنٹہ
		اسسٹنٹ انوائرمنٹ انسپکٹر	24-02-2023	03:00 PM	ایک گھنٹہ
6	کوئٹہ ڈویژن	اسٹینوگرافر	27-02-2023	11:00 AM	ایک گھنٹہ
		جونیئر کلرک	28-02-2023	11:00 AM	ایک گھنٹہ
		اسسٹنٹ انوائرمنٹ انسپکٹر	01-03-2023	11:00 AM	ایک گھنٹہ
7	اوپن میرٹ	فوٹوگرافر	02-03-2023	11:00 AM	ایک گھنٹہ

نوٹ:۔ تحریری امتحان کے لیے آنے والے امیدوار اپنے ہمراہ اصل شناختی کارڈ لیکر آئیں اور موبائل فون ساتھ لانے اور استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

ڈائریکٹر جنرل ادارہ تحفظ ماحولیات حکومت بلوچستان
نزد S-O-S VILLAGE سمنگلی روڈ کوئٹہ
فون نمبر: 081-9201840

PRQ NO.2023 20-01-2023

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgprbalochistan

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد، سب ایڈیٹر نجم بلوچ فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر، موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

شمال بقیہ 1

اپنے اقتصادی تعلقات کو بہترین سیاسی تعلقات کے مساوی لے جانے کیلئے اقتصادی تعاون کی نئی راہیں تلاش کر رہے ہیں، انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور فنانشل ٹیکنالوجی کے شعبوں میں بہت زیادہ صلاحیت کے ساتھ تعاون کی گنجائش ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پاکستانی تارکین وطن کی بہبود کے حوالہ سے متحدہ عرب امارات کی حکومت اور اس کی قیادت کے اقدامات پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں، متحدہ عرب امارات میں 17 لاکھ پاکستانی عزت و احترام کے ساتھ اپنا روزگار کما رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ مرحوم شیخ زید بن سلطان النہیان نے پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان دوستی کی بنیاد رکھی، ان کی خواہش تھی کہ پاکستان کا شمار سرکردہ، خوشحال اور ترقی یافتہ ممالک میں ہو، ہم ان کی فیاضی اور سخاوت کو تادیر یاد رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں حالیہ سیلاب کے بعد ابوظہبی اور پاکستان کے درمیان اسلام آباد اور صوبہ سندھ کے شہر کراچی، بدین، شکارپور میں امدادی سامان کی ترسیل کیلئے ایک ہوائی پل قائم کیا گیا، نومبر 2023 میں اقوام متحدہ کی موسمیاتی تبدیلی کانفرنس سی او پی 28 کی میزبانی میں متحدہ عرب امارات کی کامیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ اپنی موسمیاتی سفارتکاری کے حصہ کے طور پر پاکستان عالمی سطح پر موسمیاتی تبدیلی پر مباحثے، مذاکرے اور عمل میں تعمیری تعاون جاری رکھے گا۔

شمال بقیہ 2

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں ریکوڈک منصوبہ اسکی بہترین مثال ہے جس سے ملک میں 8 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری آرہی ہیں اور 8 ہزار ملازمتیں ملیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لیے محفوظ اور سازگار ماحول پیدا کیا گیا ہے حکومت بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے سرمایہ کاروں کو ترغیبات اور سہولیات فراہم کررہی ہے اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے ادارے فعالیت کے ساتھ کام کر رہے ہیں جرمن سفیر نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے مواقعوں میں دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جرمن سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کی جانب راغب کیا جا ئے گا جرمن سفیر نے کہا کہ جرمنی کی حکومت بلوچستان میں ہنر مند افرادی قوت کی تیاری اور صحت سمیت دیگر شعبوں میں معاونت فراہم کریگی اور بلوچستان کے ساتھ تجارتی روابط کے فروغ کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔

شمال بقیہ 3

غلام سرور، سلمان جعفری، آمنہ، حنا، شکیلہ، ہیڈ کانسٹیبل غلام رسول، افشاں، احسان الحق، جہانزیب خان و دیگر زخمی ہو گئے جن میں سے 4 افراد کی حالت تشویشناک ہے جنہیں سی ایم ایچ سبی منتقل کر دیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق دھماکے سے ٹرین کی بوگی نمبر 5،6،7،8،9،10 اور 11 دھماکے سے متاثر ہوئیں۔ لیویز حکام کے مطابق دھماکے کے بعد جائے وقوعہ پر 5 سے 6 فٹ گہرا گڑھا پڑ گیا ہے جبکہ ٹریک کا 10 فٹ حصہ دھماکے سے تباہ ہو گیا ہے جس کے بعد ٹرینوں میں آمد و رفت معطل ہو گئی۔ انتظامیہ نے پشاور سے کوئٹہ جانے والی جعفر ایکسپریس کو سبی اسٹیشن پر روک دیا گیا اور مسافروں کو ویگن کے ذریعے کوئٹہ روانہ کر دیا گیا۔ واقعہ کے بعد سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور شواہد اکٹھے کرنے کیلئے جبکہ دشوار گزار علاقہ ہونے کے باعث زخمیوں کو ہسپتال منتقل کرنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ریلوے انتظامیہ نے مسافروں کو متبادل ذرائع سے سبی منتقل کرنے کے انتظامات شروع کر دیئے۔ مزید کارروائی جاری ہے دریں اثناء قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی نے جعفر ایکسپریس کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔

شمال بقیہ 4

سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ایف بی آر میں ریفارمز اینڈ ریسورس موبلائزیشن کمیشن (آر آر ایم سی) کے افتتاحی اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے ریونیو طارق محمود پاشا، چیئرمین آر آر ایم سی اشفاق یوسف تولہ، چیئرمین ایف بی آر ڈاکٹر عاصم، ڈاکٹر محمد اقبال، عبدالحمید میمن، ڈاکٹر وقار احمد، غضنفر بلور، اورشیر سلیم، طارق اور توقیر احمد نے ذاتی طور پر شرکت کی جبکہ رانا منیر حسین صدر پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن، صدر ایف پی سی سی آئی عرفان اقبال شیخ، آصف ہارون، حیدر علی پٹیل، عبدالقادر میمن اور زیاد بشیر نے زوم کے ذریعے ورچوئل طور پر اجلاس میں شرکت کی۔ وزیر خزانہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کمیشن کے ارکان کا خیر مقدم کیا اور ملک کی اقتصادی اور مالیاتی صورتحال پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ورثہ میں کمزور معیشت ملی تاہم اس کے باوجود حکومت معیشت کو درست سمت میں گامزن کرنے اور معاشی استحکام اور ترقی کے حصول کے لیے مختلف شعبوں میں اصلاحات متعارف کرانے کے لیے پرعزم ہے۔

شمال بقیہ 5

تربیت، وسائل اور ضروری ساز وسامان کی فراہمی یقینی بنائیں۔ اپنے بیان میں وزیرداخلہ رانا ثناء اللہ خان نے خیبر میں تختہ بیگ میں پولیس چیک پوسٹ پر خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے میں پولیس جرات مندانہ کردار ادا کر رہی ہے۔ وزیر داخلہ نے دو شہید پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزیر داخلہ نے لکی مروت، وانڈہ احسان میں دہشت گردوں کے خلاف پولیس کی بھرپور کارروائی پر افسران اور اہلکاروں کو بھی خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطن کا فرض ادا کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے قوم کے بیٹے ہمارے ہیروز ہیں، دہشت گردی کے خاتمے میں پولیس جرات مندانہ کردار ادا کر رہی ہے صوبے بالخصوص خیبرپختونخوا محکمہ پولیس کو بہتر بنائیں، تربیت، وسائل اور ضروری ساز وسامان کی فراہمی یقینی بنائیں۔ وزیر داخلہ نے شہداء کے اہل خانہ سے اظہار ہمدردی اور تعزیت کیا ہے۔ وزیر داخلہ نے زخمی پولیس اہلکاروں کی جلد صحت یابی اور شہداء کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی ہے۔

شمال بقیہ 6

استعداد کار میں اضافے کے لئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے اقدامات اٹھا رہی ہے کیونکہ حکومت اور فورس کا حتمی ہدف امن کا حصول اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے جرائم کی بیخ کنی کو ممکن بنانا ہے کیونکہ پرامن ماحول ہی دیرپا پائیدار ہو کر اقتصادی ترقی اور مجموعی خوشحالی کا پیش خیمہ ثابت ہوسکتا ہے۔ حکومت تمام اداروں کو لیویز فورس کی طرح اپنی ذمہ داری نبھاتے اور ڈلیور کرتے ہوئے دیکھنا چاہتی ہے لیویز فورس نے ہمیشہ ہر مشکل صورتحال اور حالات میں اپنے فرض کو ادا کر کے لوگوں کی مدد کی ہے حکومت نے لیویز فورس سمیت دیگر فورسز کو بھی وسائل اور سہولیات فراہم کی ہے لیویز نے جدت کو اپناتے ہوئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر بہتر فورس کے طور پر منوایا ہے جس طرح انہوں نے جرائم کا خاتمہ کر کے عوام کی مدد کرتے ہوئے انصاف کے لئے جو کردار ادا کیا ہے وہ قابل تحسین ہے۔ لیویز فورس کو ری ویمپنگ منصوبے کے تحت مختلف شعبوں میں بہتری کے لئے اقدامات اٹھاتے ہوئے انہیں مستحکم بنایا گیا ہے۔ تاکہ لیویز فورس کو جدید اسلحہ، سازو سامان اور پیشہ ورانہ مہارت کی تربیت دیکر منظم اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ لیویز فورس کے طور پر عوام کے سامنے ان کی خدمت کے لئے لایا گیا ہے اور حکومت جرائم کے خاتمے اور امن کی بحالی کے لئے لیویز فورس کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے انہیں وسائل فراہم کر رہی ہے۔ آج صوبہ بھر میں لوگوں کی خدمت کرنے کے علاوہ جرائم چھٹکارا دلانے امن کی بحالی اور مشکلات میں پھنسے ہوئے لوگوں کی بھرپور مدد کر رہے ہیں۔

شمال بقیہ 7

کی، ملک کو دلدل سے نکالنے کا ایک ہی طریقہ ہے کہ یہاں قانون کی حکمرانی قائم ہو۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ویڈیو لنک کے ذریعے پنجاب بھر کی ڈسٹرکٹ اور تحصیل بار ایسوسی ایشنز میں "قانون کی حکمرانی" کے موضوع پر سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ عمران خان نے کہا کہ آنے والے دنوں میں وکلاء برادری کا بڑا کردار دیکھ رہا ہوں، پاکستان جس دلدل میں پھنسا ہوا اسے باہر نکالنے کے لئے پاکستان کے وکلاء کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ پاکستان کا آج جو بحران ہے کسی بھی معاشی ماہر یا جو سیاست کو سمجھتا ہے اس سے پوچھ لیں وہ بتائے گا کہ پاکستان کی تاریخ میں اتنا بڑا بحران کبھی نہیں آیا جو آج آیا ہے، یہ خود بخود نہیں آیا بلکہ مینو فیکچر کیا گیا ہے۔ ایک آدمی نے فیصلہ کیا اور رجیم چینج کی سازش کی، ایک آدمی کے فیصلے کی وجہ سے حکومت گرائی گئی اور ملک آج یہاں پہنچ گیا۔ جو آج اقتدار میں بیٹھے ہوئے ہیں سب ناکام ہو چکے ہیں، ان کے پاس کوئی حل نہیں ہے کہ معیشت کو ٹھیک کیسے کرنا ہے۔ ان کی بس یہی سوچ ہے کہ سعودی عرب پیسے دے گا، چین دیدے، سیلاب کو بیچ کر پیسہ لے لیں، کلائمنٹ چینج کی جنیوا کانفرنس میں سارے گئے ہوئے تھے کہ کوئی پیسے دیدے لیکن کوئی پیسے دینے کیلئے تیار نہیں۔

شمال بقیہ 8

تراکئی، مجاہد علی، ارباب عامر ایوب، شیر علی ارباب، شاہد احمد، گل داد خان، ساجد خان، محمد اقبال خان، عامر محمود کیانی، سید فیض الحسن، چوہدری شوکت علی بھاب، عمر اسلم خان، امجد علی خان، خرم شہزاد، فیض اللہ، ملک کرامت علی کھوکھر، سید فخر امام، ظہور حسین قریشی، ابراہیم خان، طاہر اقبال، اورنگزیب خان کھچی، مخدوم خسرو بختیار، عبدالمجید خان، عندلیب عباس، عاصمہ قدیر، ملیکہ علی بخاری اور منورہ بی بی بلوچ شامل ہیں۔ یاد رہے کہ پی ٹی آئی نے گزشتہ سال اپریل میں پی ٹی آئی سربراہ عمران خان کی برطرفی کے بعد پارلیمنٹ کے ایوان زیریں سے اجتماعی استعفے دے دیئے تھے، بعد ازاں اسپیکر قومی اسمبلی نے صرف 11 کے استعفے منظور کیے تھے اور کہا تھا کہ باقی ارکان اسمبلی کو تصدیق کے لیے انفرادی طور پر طلب کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ 17 جنوری کو بھی اسپیکر قومی اسمبلی نے تحریک انصاف کے 34 اراکین اسمبلی کے استعفے منظور کیے تھے، اس کے علاوہ عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد کا استعفیٰ بھی منظور کرلیا تھا۔ اس کے علاوہ، اسپیکر قومی اسمبلی نے گزشتہ روز اسمبلی کا جمعہ کو ہونے والا اجلاس بغیر کوئی وجہ بتائے ملتوی کر دیا تھا۔ اسپیکر کی جانب سے اب تک پی ٹی آئی کے 79 اراکین کے استعفے منظور کیے گئے ہیں اس کے علاوہ اسپیکر قومی اسمبلی نے جولائی 2022 میں بھی پی ٹی آئی کے 11 اراکین قومی اسمبلی کے استعفے منظور کیے تھے جس میں سے کراچی سے رکن قومی اسمبلی شکور شاد نے عدالت میں درخواست دائر کر کے اپنے استعفے کی درخواست واپس لے لی تھی۔ اسپیکر کی جانب سے ایک استعفیٰ شیخ رشید کا بھی منظور کیا گیا جس کے بعد مجموعی طور 80 اراکین کے استعفے منظور کیے جا چکے ہیں۔ اسپیکر کی جانب سے تحریک انصاف کے اراکین اسمبلی کے استعفے ایک ایسے موقع پر منظور کیے گئے جب میڈیا رپورٹس کے مطابق پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان نے زمان پارک میں صحافیوں سے ملاقات کے دوران قومی اسمبلی میں واپسی کا اشارہ دیا تھا۔

شمال بقیہ 9

پریکٹس کے دوران خطاب کرتے ہوئے وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ نیو ورلڈ آرڈر کی وجہ سے ایشیائی ممالک بالخصوص ترقی پذیر ممالک مشکلات کا شکار ہیں، تیسری دنیا کی معیشت دباؤ کا شکار ہے۔ وزیر خارجہ بلاول بھٹو نے کہا کہ پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی سمیت مختلف چیلنجز کا سامنا ہے، کوئی بھی ملک چیلنجز سے تنہا نہیں نمٹ سکتا، اسے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے دیگر ممالک کا تعاون درکار ہوتا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ روس یوکرین تنازع کی وجہ سے دنیا بھر میں گیس کی قیمتیں بڑھیں، روس یوکرین جنگ کی وجہ سے انسانی تنازع نے جنم لیا، روس یوکرین جنگ کے منفی اثرات دنیا پر مرتب ہوئے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ روس یوکرین جنگ کے حوالے سے پاکستان کا موقف بالکل واضح ہے، پاکستان خود سے کسی جنگ کے حق میں نہیں ہے، پاکستان روس یوکرین تنازع کے حل کا خواہاں ہے، پاکستان کا موقف ہے کہ جنگ سے غربت، افلاس اور بے روزگاری کے سوا کچھ نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ یوکرین معاملے پر اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل ہوتا ہے لیکن افسوس ہے مغرب کیلئے کشمیر پر اقوام متحدہ کی قراردادیں محض کاغذی رہ جاتی ہیں، کشمیری بھی آزادی کے لیے دنیا کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ممالک کے درمیان ہر تنازع معاملہ اقوام متحدہ کی قرارداد کے مطابق حل ہونا چاہیے، خطے میں تنازعات کے حل کے لیے مثبت سوچ اپنانا ہوگی۔

شمال بقیہ 10

سے جاری ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت پولیو مہم کی کامیابی کے لئے پرعزم ہے، والدین کے تعاون سے مطلوبہ ہدف حاصل کرلیں گے۔

شمال بقیہ 11

بڑی کامیابی ملک کو پراجیکٹ عمران سے پاک کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو سب سے بڑے فارن ایجنٹ فتنے اور مافیا سے نجات دلائی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیشہ ملک اور معیشت کو مشکلات سے نکالا ہے، عمران پراجیکٹ نے ملک کو معاشی دیوالیہ کی طرف دھکیلا۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک میں مہنگائی، معاشی تباہی اور سیاسی عدم استحکام عمران پراجیکٹ کی وجہ سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) 2018 میں ملک کو تاریخی معاشی استحکام اور عوام کو سستی روٹی، چینی، آٹا، بجلی، گیس اور پیٹرول دے کر گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) 2018 میں نوجوانوں کو روزگار، ملک کو ترقی، سی پیک اور 14000 میگاواٹ بجلی دے کر گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی سے پاک پاکستان دے کر گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو تاریخی 6.2 فیصد ترقی اور آئی ایم ایف کا پروگرام مکمل کر کے دے کر گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ چار سال میں عمران پراجیکٹ نے ملک کا معاشی دیوالیہ نکالا اور نوجوان کو بے روزگار کیا۔ وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ چار سال میں ملک کو دہشت گردی دی اور ترقی روک دی۔ انہوں نے کہا کہ عمران پراجیکٹ نے چار سال عوام کو نفرت، مہنگائی کی چکی میں پیسا، آٹا، چینی، دالیں اور تیل مہنگا کیا آج ملک میں روٹی مہنگی ہے تو عمران پراجیکٹ کی وجہ سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج سخت شرائط والا آئی ایم ایف کا پروگرام عمران پراجیکٹ کا عوام کو دیا تحفہ ہے، آج ملک میں مہنگی بجلی اور گیس عمران پراجیکٹ کی وجہ سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ چار سال تباہی مچا کر مہنگائی کا طوفان لا کر آج الیکشن، الیکشن کی رٹ لگا کر گیا ہو گا، عمران خان 2018 میں ملک پہ مسلط ہونے والے الیکشن کی بات کر سکتے ہیں الیکشن نہیں لڑ سکتے۔

شمال بقیہ 12

کیلئے لکڑیوں کا استعمال شروع کر دیا۔ بلوچستان کے 35 اضلاع میں سے صرف 10 اضلاع کو بلوچستان کے علاقے سوئی سے نکلنے والی سوئی گیس کی سہولت دستیاب ہے جن میں کوئٹہ، پشین، سبی، بولان، قلات اور زیارت بھی شامل ہیں لیکن سردیوں کی آمد کے ساتھ ہی ان اضلاع میں سوئی گیس کا پریشر انتہائی کم ہو جاتا ہے جس کے پیش نظر صارفین متبادل ذرائع کی تلاش میں نکل پڑتے ہیں۔ جہاں سردیوں میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے کئی ڈگری نیچے گر جاتا ہے وہاں گھروں کو گرم رکھنے اور کھانا بنانے کیلئے لکڑیاں بطور ایندھن استعمال ہوتی ہیں۔ گھروں میں جلانے کے لیے لکڑی جو عام طور پر 1200 روپے من فروخت ہوتی تھی سردیوں میں 1600 روپے من تک پہنچ جاتی ہے، یہی وجہ ہے کہ اب شہریوں کے لیے لکڑی کا استعمال بھی مشکل ہونے لگا ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے شہریوں نے شکوہ کیا کہ گیس کا تو نام نشان نہیں ہے اس لیے ہم لکڑی خریدنے پر مجبور ہیں گیس تو بالکل نہیں ہے ہم اب ایل پی جی خرید نہیں سکتے، لکڑی کا یہ حال ہے، ایک ٹال پر جاؤ کوئی بولتا ہے 1400 روپے کا من ہے اور دوسرا کہتا ہے 1600 روپے کا من ہے، اور کوئی کہتا ہے کہ 2000 کا من ہے، غریب بندہ اتنا پریشان ہے لیکن کوئی سننے والا ہی نہیں ہے۔ دوسری جانب ثناء اللہ نامی دکاندار کا کہنا تھا کہ ابھی گیس کا پریشر بالکل نہیں ہے اس لیے لکڑی 1500 سے 1600 روپے من تک فروخت ہورہی ہے اور اگر گیس ہو تو 1100 سے 1200 روپے من کا ریٹ ہے۔ بلوچستان کے وہ اضلاع جہاں سوئی گیس کی سہولت میسر نہیں ہے وہاں گھروں کو گرم رکھنے کیلئے لکڑی کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا لہٰذا شہریوں کا مطالبہ ہے کہ حکومت لکڑی کی دستیابی اور ان کی قیمت کو کم کرنے کیلئے اقدامات کرے تاکہ شہری گیس کی بجائے لکڑی کو بطور ایندھن استعمال کر کے اپنی ضروریات پوری کرسکیں۔

شمال بقیہ 13

میں آنیوالے سیلاب سے بڑی تعداد میں لوگ متاثر ہوئے اور معیشت کو نقصان پہنچا، ان حالات میں قرضوں کی ادائیگی موخر کرنے پر شکر گزار ہیں۔ جمعہ کو پاک روس بین الحکومتی کمیشن کے آخری سیشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم روس کے معزز مہمانوں کا خیر مقدم کرتے ہیں جو پاکستان آئے ہیں، ہمارے لئے فخر کی بات ہے کہ بین الحکومتی کمیشن کے اجلاس کی میزبانی کر رہے ہیں، عالمی سطح پر معاشی ابتری اور کساد بازاری سے پاکستان بھی متاثر ہوا پاکستان کے دنیا کے تمام ملکوں سے اچھے تعلقات ہیں، جولائی میں پاکستان کو سیلاب کی آفات کا سامان کرنا پڑا، بڑی تعداد میں لوگ متاثر ہوئے اور معیشت کو نقصان پہنچا، ان حالات میں قرضوں کی ادائیگی موخر کرنے پر شکر گزار ہیں۔

شمال بقیہ 14

کا معائنہ کر کے اندازہ ہوا کہ پاکستان کا مستقبل روشن ہے، تھوڑی مزید محنت کر کے ڈاؤ یونیورسٹی دنیا کی بہترین سو یونیورسٹیز میں شامل ہو سکتی ہے اس ہدف کو سامنے رکھ کر کام کیا جائے ایچ ای سی بھرپور معاونت کرے گا، اکتوبر 2023 سے پہلے عام انتخابات کا انعقاد ممکن نہیں ہے۔ یہ باتیں انہوں نے ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز اوجھا کیمپس میں ایڈوانسڈ مالیکیولر جینیٹکس اینڈ جینومکس لیب کے افتتاح، ڈاؤ اعلیٰ ریسرچ لیب اینڈ اسٹاک اور کالج آف بائیو ٹیکنالوجی کے معائنے کے بعد تقریب سے خطاب اور میڈیا کے نمائندوں کے سوالوں کے جوابات دیتے ہوئے کہیں۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر محمد سعید قریشی، ہائر ایجوکیشن کمیشن سندھ کے ڈائریکٹر جاوید میمن، پرو وائس چانسلر پروفیسر کرتار ڈاوانی، رجسٹرار ڈاکٹر اشعر آفاق، ڈاؤ یونیورسٹی کے ڈائریکٹرز، پروفیسرز، افسران، عملہ اور طلبا بھی موجود تھے۔ پروفیسر احسن اقبال چوہدری نے کہا کہ بائیو ٹیکنالوجی کے ذریعے نہ صرف ہیلتھ کیئر کے شعبے میں انقلاب آئے گا بلکہ صنعت سمیت ہر شعبے میں انقلاب آئے گا اور نئے مواقع پیدا ہوں گے، اس بنیاد پر کہا جاسکتا ہے کہ مستقبل میں جنگیں میدان جنگ میں نہیں لڑی جائینگی، بلکہ کلاس رومز اور لیبارٹریز میں لڑی جائیں گی۔

شمال بقیہ 15

کے مطابق بلوچستان کے 32 اضلاع میں گذشتہ سال 29 مئی کو بلدیاتی انتخابات ہوئے جس میں چھ ہزار کونسلرز کا انتخاب ہوا پہلا مرحلہ مکمل ہونے کے بعد ان اضلاع میں مخصوص نشستوں خواتین، کسان، لیبر اور اقلیتوں پر انتخاب عمل میں لایا گیا اب الیکشن کمیشن ان مخصوص نشستوں پر برابر رہ جانے والے 120 امیدواروں کے درمیان دوبارہ انتخاب کی تیاری کر رہا ہے جس کا شیڈول عنقریب جاری کیا جائے گا۔ بلوچستان لوکل باڈیز ایکٹ میں مخصوص نشستوں پر امیدواروں کے برابر ووٹ حاصل کرنے پر ٹاس اور قرعہ اندازی کے بجائے دوبارہ انتخاب کا طریقہ کار درج کیا گیا ہے، صوبائی الیکشن کمشنر نے بتایا کہ مخصوص نشستوں پر انتخاب کے بعد یونین کونسلز اور میونسپل کمیٹی کے چیئرمینوں کا انتخاب ہوگا اور آخری مراحل میں ڈسٹرکٹ کونسل کے چیئرمینوں کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔

شمال بقیہ 16

باعث ٹریفک کی روانی متاثر رہی۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کو کوئٹہ، مستونگ، ژوب، زیارت، چمن، پشین، برخائی، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ اور مسلم باغ میں ہلکی سے درمیانی بارش اور پہاڑوں پر برفباری کا سلسلہ جاری رہا۔ جمعہ کو قلات میں 14، خضدار میں 05، بارکھان میں 03، ژوب میں 02، کوئٹہ (سمنگلی)، اورماڑہ میں 1 ملی میٹر بارش جبکہ زیارت میں 1، کوئٹہ (شیخ ماندہ 6.0، سمنگلی ٹریس)، قلات میں 4.0 انچ برفباری ریکارڈ ہوئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق زیارت میں درجہ حرارت منفی 06، قلات میں منفی 4 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ہفتہ کو کوئٹہ، ژوب، زیارت، چمن، پشین، برخائی، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ اور مسلم باغ میں ہلکی بارش اور پہاڑوں پر برفباری کا امکان ہے جبکہ دیگر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہے گا۔

شمال بقیہ 17

کے اعلانات ایک روز قبل مساجد سے کیا گیا تھا بعد میں اس بچے کی نعش قریبی کنویں سے برآمد ہوئی۔

شمال بقیہ 18

بحق جبکہ 5 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق قلعہ سیف اللہ کے قریب تیز رفتار مسافر کوچ اور ٹرک میں تصادم کے نتیجے میں ڈرائیور سمیت 2 افراد جاں بحق جبکہ 5 افراد زخمی ہو گئے مقامی انتظامیہ نے نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال پہنچا دیا اور مزید کارروائی شروع کر دی۔

شمال بقیہ 19

کی مذمت اور دھماکے میں مسافروں کے زخمی ہونے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے ڈپٹی کمشنر کچھی اور سبی کو فوری طور پر ریسکیو سرگرمیوں کے آغاز کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ متاثرہ مسافروں کو ہر ممکن معاونت فراہم کی جائے زخمیوں کو اسپتالوں میں منتقل کر کے علاج معالجہ کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں۔ وزیراعلیٰ نے سیکورٹی اداروں کو ہدایت کی کہ سبی اور دیگر قریبی علاقوں کے اسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کی جائے علاقے میں حفاظتی اقدامات مزید موثر کئے جائیں۔

شمال بقیہ 20

نوجوان نسل کو کھیل کی جانب راغب کرنا ہے جس سے نہ صرف ان کی جسمانی نشوونما ہوسکے گی بلکہ وہ اپنا وقت صحت مند سرگرمیوں میں وقف کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں محکمہ کھیل و یوتھ افیئرز کی جانب سے منعقدہ اسپورٹس فیسٹول بیچ گیم 2023 کا شاندار افتتاحی تقریب کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا جبکہ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی میر حمل کلمتی نے محکمہ کھیل حکومت بلوچستان کی جانب سے گوادر میں اسپورٹس فیسٹول بیچ گیم 2023 کا شاندار افتتاح کر کے رکن صوبائی اسمبلی میر حمل کلمتی نے فٹ بال کو کک لگا کر باقاعدہ ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا اس موقع پر انکے ہمراہ ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی مجیب الرحمان قمبرانی، ڈائریکٹر جنرل اسپورٹس محکمہ بلوچستان دُرا دشتی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر علی بلوچ اسپورٹس آفیسر غفار دشتی، صدر ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن گوادر میر ارشد کلمتی، ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس آصف لانگو، ایکسین پبلک ہیلتھ گوادر شکیل بلوچ، تحصیلدار گوادر یعقوب شیخ، چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، ڈی ایس پی گوادر چاکر خان بلوچ، گوادر کے سیاسی شخصیت شئے مختار، ڈپٹی ڈائریکٹر فنانس جی ڈی اے نزیر بلوچ، سماجی رہنما سہیل الرحمان نواب تھے انہوں نے کہا کہ کھیلوں سے نوجوانوں کی کردار سازی، قائدانہ صلاحیتیں پروان چڑھانے اور مخفی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے تعلیم کے ساتھ مناسب اوقات میں کھیل کود ناگزیر ہے ان کہنا تھا کہ اس فیسٹیول کے انعقاد کا مقصد نوجوانوں کو ایک صحت مندانہ ماحول میسر آئے انہیں اپنا ٹیلنٹ دکھانے کا موقع ملے تاکہ وہ آگے چل کر اپنے علاقے اور ملک کا نام روشن کرسکیں۔

شمال بقیہ 21

کی طرح کسی تجربے سے کم نہیں، پاکستان کو بدترین معاشی بحران اور تاریخ کی شدید ترین مہنگائی، صرف چار سالوں میں ستر برس کے برابر قرضے لینے اور پاکستانی روپے کی قدر و قیمت تباہ کرنے کے بعد اب وہ اپنی نااہلی اور بدانتظامی سے پیدا ہونے والی معاشی تباہی کا ملبہ پی ڈی ایم پر ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ جمعہ کو پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ عمران خان کا جمہوری پارلیمانی سیاست سے بھی کوئی واسطہ نہیں رہا، وہ اب تک تین بار قومی اسمبلی کے رکن بنے اور تینوں بار مستعفی ہونے کا ریکارڈ قائم کیا، وہ صرف کنٹینر، جلسوں، جلوس، لانگ مارچوں اور دھرنوں کو سیاست سمجھتے ہیں۔ کہتے کچھ ہیں اور کرتے کچھ ہیں، روز بیان دیتے ہیں کہ معاشی بحران سے نکلنے کے لئے سیاسی استحکام ضروری ہے اور روز سیاسی عدم استحکام اور انتشار کے لئے کوئی نیا قدم اٹھا لیتے ہیں۔

شمال بقیہ 22

164 کا بیان ریکارڈ کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان سے زبردستی انگوٹھے لگوائے گئے۔ جمعہ کو اڈیالہ جیل سے تینوں ملزمان کو اسلام آباد کچہری میں پیش کیا گیا۔ کچہری میں جب پہلی بار ملزمان کو پیش کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ ہم بیان ریکارڈ کرانا چاہتے ہیں، ملزمان نے کہا کہ 164 کا بیان زبردستی لیا گیا اور اس پر زبردستی دستخط کرائے گئے اور انگوٹھے لگوائے گئے۔ جوڈیشل مجسٹریٹ عمر شبیر نے آئندہ سماعت تک ایس ایچ او کو چالان جمع کرانے کا حکم دیدیا۔ عدالت نے اپنے تحریری حکم میں لکھا کہ ملزمان کے وکلاء نے کہا کہ 22 دسمبر کو ملزمان کا دو روزہ جسمانی ریمانڈ دیا گیا جو مکمل ہونے پر 24 دسمبر کو عدالت پیش نہیں کیا گیا۔ عدالت کے مطابق بعد میں بتایا گیا کہ ایگزیکٹو مجسٹریٹ کے سامنے دفعہ 164 کا بیان قلم بند کروایا گیا جو جوڈیشل ہونے کے بعد 6 جنوری کو دوبارہ ملزمان کو عدالت پیش نہیں کیا گیا۔ عدالت نے اپنے تحریری آرڈرز میں لکھا کہ 173 کی چالان رپورٹ عدالت میں پیش نہیں کی گئی، ایس ایچ او 3 فروری تک چالان جمع کرائے ورنہ پیش ہو کر وضاحت کرے۔ واضح رہے کہ ایف بی آر ملازمین شہزاد نیاز، ارشد علی اور عدیل اشرف گرفتار ملزمان میں شامل ہیں، ایف آئی اے اینٹی کرپشن ونگ نے تینوں ملزمان کے خلاف مقدمہ قائم کر رکھا ہے۔

شمال بقیہ 23

نے فرد جرم عائد کرنے کی کارروائی ایک بار پھر موخر کر دی گئی۔ جمعہ کو شہباز گل پر اداروں کیخلاف بغاوت پر اکسانے کے کیس کی سماعت ایڈیشنل سیشن جج طاہر عباس سپرا نے کی۔ سماعت کے آغاز پر شہباز گل کے وکیل نے لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ عدالت میں جمع کروایا۔ انہوں نے عدالت میں بتایا کہ لاہور ہائیکورٹ نے منگل تک تمام ریکارڈ طلب کرلیا، لاہور ہائیکورٹ نے شہباز گل کی حفاظتی ضمانت منظور کی ہے۔ انہوں نے عدالت سے استدعا کی کہ شہباز گل کی حاضری ضرور لیں لیکن آن لائن، شہباز گل گاڑی میں موجود ہیں، بری حالت ہے، آکسیجن ماسک لگا ہوا ہے، شہباز گل کو عدالت میں ذاتی حاضری سے استثنیٰ دیا جائے۔

شمال بقیہ 24

مجھے تنگ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان گرفتار ہوئے تو ان کی تصویر الیکشن لڑے گی، نواز شریف کے پڑوس میں بیٹھ کر پریس کانفرنس کر رہا ہوں، وہ پاکستان واپس آ جائیں، یہاں کیوں بیٹھے ہوئے ہیں، سابق وزیراعظم نواز شریف اپنے آپ کو سیاسی طور پر زندہ رکھنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔ شیخ رشید نے کہا کہ پنجاب اور کے پی کے الیکشن پی ٹی آئی دو تہائی اکثریت سے جیتے گی، کراچی میں جس طرح الیکشن ہوئے ہیں اس نے سارے الیکشنز کو مشکوک کر دیا۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان میں آج تیسرا آدمی آٹے کی بوری لیتے ہوئے مر گیا، آئی ایم ایف کا قرضہ کھٹائی میں پڑ چکا ہے، ورلڈ بینک کا قرضہ بھی نہیں آیا، ہم یہ نہیں کہتے کہ ہمارے دور میں مہنگائی نہیں تھی، میں تو چیختا تھا کہ یہ بھی مہنگائی ہے، کابینہ میں کوئی چینی مافیا کا چور بیٹھا تھا۔ انہوں نے کہا کہ لوگ ان کے ہاتھوں سے نکل رہے ہیں، اپریل میں ان کی ٹکٹائی ہوتی ہے، ن لیگ کے لوگوں کی بڑی تعداد حوصلے چھوڑ کر جانے کیلئے تیار ہے۔

شمال بقیہ 25

محمد ہاشم غلزئی نے محکمہ ہیلتھ کوارٹر شیرانی ٹاؤن کا دورہ کیا جہاں ڈی ایچ او آفس شیرانی ٹاؤن میں زیر تعمیر نئے کمپلیکس اور ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر شیرانی حضرت ولی کاکڑ نے مکمل اور جاری اسکیمات کے حوالے سے بریفنگ دی انہوں نے ژوب سیلاب زدہ اسٹریٹ کا بھی معائنہ کیا۔

شمال بقیہ 26

آنے والا کا بھاؤ معلوم ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ عوام سے جھوٹے وعدے اور مسلسل یوٹرن کے علاوہ عمران نیازی کی کوئی کارکردگی نہیں، پاکستان کی معیشت کو استحکام اور عوام کو ریلیف کی ضرورت ہے۔

شمال بقیہ 27

مسافروں کو نکال کر محفوظ مقام پر منتقل کردیا۔ بلوچستان لیویز فورس شدید موسمی حالات میں عوام کی بھرپور معاونت کر رہی ہے۔

شمال بقیہ 28

اس کے باوجود ہم ماحولیاتی تبدیلی کا گراؤنڈ زیرو بن چکے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہمیں 2025 تک شدید خشک سالی کا سامنا ہوگا، ہمیں ان ماحولیاتی اثرات کو روکنے کیلئے ملک کے اندر موافقت کے منصوبوں کا آغاز اور ان پر عمل کرنا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اس حوالے سے وزارت ماحولیاتی تبدیلی نے لیونگ انڈس منصوبے کا آغاز کیا ہے، لیونگ انڈس موافقت کے منصوبوں کا محور ثابت ہوگا۔ شیری رحمن نے کہا کہ منصوبہ ابھی ابتدائی مراحل میں ہے، یہ ماحولیاتی تبدیلی کے حوالے سے پاکستان کا سب سے بڑا منصوبہ ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دریائے سندھ ملک کی لائف لائن ہے، ہماری 80 فیصد زراعت دریائے سندھ سے جڑی ہوئی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آلودگی، گلیشیر پگھلنے، سیلاب اور تجاوزات کی وجہ سے دریائے سندھ شدید متاثر ہو رہا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ لیونگ انڈس منصوبے میں دریائے سندھ کے تحفظ اور تعمیر نو کیلئے 25 اقدامات تجویز کئے گئے ہیں۔ شیری رحمن نے کہا کہ 25 میں سے 15 کلیدی اقدامات سیلاب کی تباہ کاریوں کو روکنے کے متعلق ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دریائے سندھ کے تحفظ اور مستقبل میں ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کیلئے یہ اقدامات ناگزیر ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تمام شراکت داروں کو لیونگ انڈس منصوبے کے ذریعے دریائے سندھ کے تحفظ اور تعمیر نو میں اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔

شمال بقیہ 29

مالی سال کے دوران شروع کیے گئے تھے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوشل میڈیا میں جاری ایک بیان میں کیا۔ جام کمال خان نے کہا کہ حب کے علاقے پیرکس میں ہونے والے سٹلمنٹ میں اراضی کی بندر بانٹ کو کسی صورت میں برداشت نہیں کیا جائے گا۔ لوگ ان زمینوں پر صدیوں سے آباد ہیں۔ مقامی لوگوں کے ساتھ ناانصافی ہوئی ہے جسے ہم اور علاقے کے لوگ ہرگز قبول نہیں کریں گے اگر پیسے دیکر زمینیں سٹلمنٹ کروائی ہیں تو اس سے بہتر ہے کہ علاقے کے لوگ زمین خرید نہ لیں وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وزیر مال اور انکے چند ساتھی اپنے علاقوں اور بلوچستان کا کام پورا کر چکے ہیں لہٰذا وہ لسبیلہ اور حب کی جان چھوڑ دیں تو بہتر رہے گا۔ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا کہ اگر یہ سلسلہ بند نہ کیا گیا۔

شمال بقیہ 30

قائدانہ صلاحیت سے پاکستان کا وقار بحال کیا۔ انہوں نے کہا کہ مودی نے مقبوضہ کشمیر پر جارحیت کی تو عمران بھیگی بلی بن گئے، کہتے تھے کہ خودکشی کروں گا آئی ایم ایف کے پاس نہیں جاؤں گا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ عمران خان ناک کے بل آئی ایم ایف کے پاس گئے، عمران خان نے آئی ایم ایف سے معاہدے کر کے مکر گئے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کا معاشی ویژن انڈوں، کٹوں اور بھنگ تک محدود تھا، عمران خان کے سارے ڈرامے فلاپ ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مخالفین کا احتساب کرنے والے نے خیبر پختونخوا میں نیب کے دروازے پر تالے لگا دیئے۔

شمال بقیہ 31

دو کروڑ سے زیادہ افغانوں کو فوری خوراک اور انسانی امداد کی ضرورت ہے۔ افغان حکام کے مطابق سردی سے اموات افغانستان کے آٹھ صوبوں میں رپورٹ ہوئی ہیں، شدید سردی سے اب تک 70 ہزار مویشی بھی ہلاک ہو چکے ہیں۔ اگلے چند روز میں موسم مزید سرد ہوگا، متاثرہ افراد کو امداد کی فوری ضرورت ہے، اقوام متحدہ کے انسانی حقوق رابطہ دفتر نے گذشتہ ہفتے کہا تھا کہ افغان خواتین ورکرز پر پابندیاں امداد کی فراہمی کو روک رہی ہیں۔ افغانستان میں 2 کروڑ سے زیادہ افراد کو فوری طور پر خوراک و زرعی امداد کی ضرورت ہے، طالبان حکومت نے گذشتہ ماہ خواتین کے فلاحی تنظیموں میں کام کرنے پر پابندی لگائی تھی۔

شمال بقیہ 32

راشد بن قصوری نے عدالت کو بتایا کیا کہ پاتنگ ڈویژن نے انٹرچینج کی تعمیر کیلئے 100 ملین کے فنڈز منظوری دیدی ہے، عدالت نے ایڈیشنل اٹارنی جنرل کو تحریری رپورٹ طریقہ کار کے مطابق جمع کرانے کا حکم دیا وکیل ریٹس منیر نے عدالت کو بتایا کہ بھونگ انٹرچینج تعمیر کیلئے مناسب فنڈز جاری نہیں کیے گئے۔ جسٹس نجیب اختر نے ریمارکس دیئے کہ آپ کا اصل ایشو حل ہوگیا آپ کہہ رہے تھے کہ انٹرچینج غلط جگہ بن رہا ہے۔ جسٹس نجیب اختر نے کہا کہ آپ کی داد رسی ہوگئی ہے۔ جسٹس نجیب اختر نے ریمارکس میں کہا کہ بھونگ موڑ سے انٹرچینج کی تعمیر کے فنڈز بھی جاری ہوگئے ہیں۔ عدالت نے درخواست گزار کو این ایچ اے کے جواب کا جائزہ لینے کی ہدایت کردی۔

شمال بقیہ 33

کراچی میں بدترین شکست کے بعد نانی یاد آرہی ہے، پنجاب کے الیکشن میں بھی انہیں شکست ہو گی، اگلے عام انتخابات میں پیپلز پارٹی کامیاب ہو گی، پیپلز پارٹی آتی ہے تو روزگار لاتی ہے، کشمیر کا مقدمہ لڑتی ہے، او آئی سی کا سیکرٹری چکوٹی میں کھڑا ہو کر کشمیر کا مقدمہ لڑتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاجیاں پنڈ میں رانا دلشاد، صفدر، رانا فیصل اور رانا ندیم کی پیپلز پارٹی میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر اسلم گل، عثمان ملک، چودھری اختر جمیل مج، امجد جٹ، چودھری عاطف رفیق، سونیا خان، ڈاکٹر خیام حفیظ، راؤ شجاعت، چودھری ریاض طارق سعید جٹ، استاد عبدالکریم اور دیگر بھی موجود تھے۔ قمر زمان کائرہ نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہی آئندہ الیکشن جیتے گی، پیپلز پارٹی کا جھنڈا اٹھا کر چلنے والوں کی تعداد بڑھ رہی ہے، پیپلز پارٹی جماعت نہیں خاندان ہے، بھٹو نے عام آدمی کو بولنے کا حق دیا، فوج کا مورال بلند کیا، طاقتوروں، جاگیرداروں کو عام آدمی کا ساتھ بیٹھنا قبول نہیں تھا، اس دور میں پاکستان میں پیسے اور برادری والوں کو مسلط کر دیا گیا، بھٹو نے عام آدمی کو طاقتور بنایا۔

شمال بقیہ 34

20 ڈی آئی خان اور 20 بنوں بھجوا دیں، جبکہ ذرائع کے مطابق مزید 600 سے زائد تھرمل سائٹس بھی بہت جلد خریدی جائیں گی۔ آئی جی خیبر پختونخوا معظم جاہ انصاری کے مطابق ڈی آئی خان اور بنوں میں کئی واقعات میں رات کے وقت تھرمل ویژن کی مدد سے دہشت گردوں نے پولیس کو نشانہ بنایا۔ آئی جی کے مطابق تھرمل سائٹس کسی بھی بندوق پر لگانے سے رات کی تاریکی میں بھی ہیٹ سگنیچر کے ذریعے دشمن کو با آسانی دیکھا جاسکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق امریکی فوج 7 بلین کا جدید ترین اسلحہ افغانستان چھوڑ گئی، جو دہشت گردوں کی جانب سے خیبر پختونخوا پولیس کے خلاف استعمال کیا جا رہا ہے۔ دہشت گردوں کے ساتھ مقابلہ کرنے کے لئے جدید تھرمل سائٹس وقت کی اشد ضرورت ہے۔

شمال بقیہ 35

سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ لیویز فورس نے قیام امن میں قابل فخر کردار ادا کیا ہے۔ لیویز فورس کو جدید گاڑیاں، اسلحہ اور ضروری سازو سامان فراہم کرنے کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھائیں گے۔ نظام کی بہتری کے لئے بلوچستان کے تمام اضلاع میں خصوصی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ آپ کی کارکردگی اس امر کی عکاس ہے کہ آپ صوبے کی دیگر سیکیورٹی اداروں سے کسی طرح بھی کم نہیں آپ کی یہ کارکردگی لیویز فورس کے لئے باعث افتخار ہے۔ لیویز فورس کو مزید مستحکم بنانے کے لئے انسداد دہشتگردی ونگ، کوئیک رسپانس فورس، سی پیک ونگ اور آئی ٹی ونگ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔

شمال بقیہ 36

سیاسی عدم استحکام پیدا کیا جارہا ہے، یہ کوئی بھی محب وطن پاکستانی نہیں کرسکتا، جس دن سابق وزیراعظم کو اتحادیوں نے عدم اعتماد کے ذریعے نکالا اس دن سے انہوں نے پارلیمنٹ کو غلاظت کا ڈھیر کہا۔ جمعہ کو وقفہ سوالات کے دوران وزیر مملکت برائے داخلہ عبدالرحمان کانجو نے کہا کہ 2013 سے 2018 تک دس لاکھ شناختی کارڈز بلاک کیے گئے جس کو مرحلہ وار کھولا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 279 انکوائریز کے بعد 43 افسران کو ملازمت سے نکال دیا گیا جو امین کی خلاف ورزی پر 22 ہاؤسنگ سوسائٹی کیخلاف کارروائی کی گئی، وہ پولیس بھی ٹرانسفر نہیں کرسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ افغانیوں کو شہریت دینے کی کوئی تجویز زیر غور نہیں۔ انہوں نے کہا کہ افغان پناہ گزینوں کو وزارت سیفران خصوصی کارڈز جاری کرتی ہے، یہ تجارتی سرگرمیوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔

شمال بقیہ 37

میر عبدالقدوس بزنجو کی ہدایت پر کوئٹہ و دیگر علاقوں میں سستا آٹا سیل پوائنٹس قائم کئے گئے جن سے بہت بڑی تعداد میں عوام مستفید ہوئی، صوبائی حکومت عوامی مسائل کے موثر حل پر یقین رکھتی ہیں، آٹے کے بحران پر قابو پانے کیلئے عملی اقدامات کئے گئے ہیں۔

شمال بقیہ 38

علاقوں میں برف باری کے دوران پولیو مہم کا تسلسل قومی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ خدمت خلق کی ایک روشن مثال ہے سخت ترین موسمی حالات میں پولیو ورکرز جس تندہی سے اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں ان پر پوری قوم کو فخر ہے یہ ہمارے حقیقی ہیرو ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں گزشتہ دو سال سے پولیو کا کوئی نیا کیس سامنے نہ آنا پولیو کے خاتمے کے عالمی و قومی اہداف کے حصول میں اہم پیش رفت ہے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ معاشرے کے تمام طبقات کی اشتراکی کوششوں سے پاکستان کو پولیو سے پاک کرنے میں کامیاب رہیں گے۔

شمال بقیہ 39

پر یقین رکھتے ہیں ہمارا مقصد صرف انسانیت کی خدمت ہے۔ اس مشکل وقت میں اپنے بہن بھائیوں کو تنہا نہیں چھوڑیں گے اور جہاں تک ہو سکا اُن کی مدد کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔ دریں اثناء سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری اوتھل اور گردونواح کے علاقوں میں امدادی سامان کے ہمراہ پہنچیں اور ان علاقوں کے سیلاب متاثرین میں 1000 سے زائد راشن بیگز، پینے کا صاف پانی 200، کمبل، گرم کپڑے، دوائیاں، بچوں کے لئے دودھ، جوس، کھلونے اور ضرورت کی دیگر اشیاء تقسیم کیں۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کو اپنے درمیان پا کر سیلاب متاثرین کے چہرے خوشی سے کھل اٹھے۔ سیلاب متاثرین نے سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ جس طرح سینیٹر ثمینہ سیلاب متاثرین کی امداد و بحالی کے لئے ذاتی طور دن رات کوششیں کر رہی ہیں اس کے لئے اُن کے لئے دل سے دعا نکلتی ہے کہ انہوں نے اس سرد اور مشکل ترین وقت میں ہم جیسے لوگوں کی داد رسی کی اور ہمیں مشکلات سے بچایا۔ ہم ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں غریبوں کی امداد و دادرسی کی اور بھی ہمت و حوصلہ دے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری متاثرین سیلاب میں گھل مل گئیں اور انہیں حوصلہ دیا اور کہا کہ آپ سب ہمارے اپنے ہیں اور آپ کی بحالی ہماری سب سے اولین ترجیح ہے۔ بلوچستان کی بیٹی ہونے کے ناطے میرا یہ فرض ہے کہ جہاں تک ممکن ہو سکے مشکل میں پھنسے اپنے بہن بھائیوں کی مدد کر سکوں۔ ہم جو کام کر رہے ہیں یہ اللہ تعالیٰ ہم سے کروا رہا ہے۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا ہے جو ہم اپنے لوگوں تک پہنچا رہے ہیں۔ انہوں نے مخیر حضرات سے اپیل کی کہ متاثرین کی امداد و بحالی کے اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں کیونکہ انسانیت کی خدمت ہی آخرت میں نجات کا سبب بنے گی۔

شمال بقیہ 40

کی گرد بیان میں کیا سپیکر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ بلوچستان کی پرامن حالات خراب کرنے میں ملک دشمن عناصر ملوث ہے جن کے خلاف حکومت اور سیکورٹی ادارے ٹارگٹ کارروائی کر رہے ہیں انہوں کہا کہ صوبے میں امن وامان کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سیکورٹی ادارے اور عوام ایک پیج پر ہے۔

شمال بقیہ 41

نے کہا کہ کچھی کے علاقے میں دہشت گردوں کی جانب سے مسافر ٹرین کو ریموٹ کنٹرول بم سے نشانہ بنانے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے دہشت گرد اپنے غیر ملکی آقاؤں کی خوشنودی کیلئے بے گناہ لوگوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنا رہے ہیں دہشت گرد دوں ملک اور قوم کے خیر خواہ نہیں ہیں بلکہ وہ اپنے مفادات کیلئے دہشت گردانہ کارروائیاں کر رہے ہیں۔ انہوں نے ٹرین دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحت یابی کی دعا کی اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ زخمیوں کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے پنجگور کے علاقے میں ایرانی حدود سے گشت پر مامور پاکستانی سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں پر دہشت گردوں کے حملے میں 4 سیکورٹی اہلکاروں کی شہادت کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ دینے والے اہلکار ہمارے قومی ہیروز ہیں جن کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی انشاء اللہ پاک فوج اور دیگر سیکورٹی ادارے ملک سے جلد دہشت گردوں کا صفایا کریں گے۔

شمال بقیہ 42

لیویز تھانہ گنداواہ میں اپنے عملے کے ساتھ میٹنگ کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ موجودہ ڈی سی جھل مگسی یاسر حسین اور اے سی گنداوا ہدایت اللہ جاموٹ نے لیویز فورس جھل مگسی جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے ہیں اور لیویز فورس کو جدید اسلحہ کے ساتھ تربیت اور ان کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے کوشاں رہے ہیں انہوں نے کہا کہ لیویز فورس جھل مگسی اشتہاریوں کی گرفتاری کا سلسلہ بھی جاری ہے عوام کے جان و مال کا تحفظ کے ہمارے فرائض میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ لیویز فورس نے ہمیشہ ہر مشکل وقت میں عوام کا ساتھ دیا ہے چاہے سیلاب ہو یا کوئی اور آفات ہماری فورس ہمہ وقت تیار رہتی ہے انہوں نے کہا کہ امن امان کی بحالی کے لیے لیویز فورس کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی لیویز فورس کے جوان ہر وقت عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے کوشاں رہتے ہیں اور عوام کو بھی چاہیے کہ وہ لیویز فورس کے ساتھ اس سلسلے میں اپنے تعاون کو یقینی بنائیں۔

شمال بقیہ 43

کے لیے اہلیت کے معیار، ذاتی اسلحہ لائسنس کے لیے درخواست لائسنس کی خریداری اور اندراج، دستی لائسنس کی دوبارہ تصدیق کمپیوٹرائزیشن، ڈوپلیکیٹ لائسنس، ادارہ جاتی ادارہ جاتی اسلحہ لائسنس کے لیے اہلیت اور درخواست، ضلعی کوٹہ، اطلاع کے لیے ماہانہ لائسنس کوٹہ، اسلحہ لائسنس کی تعداد پر پابندیاں اور کارتوس وغیرہ، لائسنس کے لیے اجازت شدہ کارتوس کی حد، کارتوس یا گولیوں کا ریکارڈ، مفت لائسنس اور مفت لائسنس کی حد، ٹرانسفر اور ریلیکیشن، لائسنس یافتہ کی موت کی صورت میں لائسنس کی منتقلی، مفت لائسنس کی منتقلی، ادارہ جاتی لائسنس کی منتقلی، برقرار رکھنے کی اجازت، لائسنس کی معطلی اور منسوخی احکامات کے خلاف نمائندگی کا حق، اسلحہ رکھنا اور اٹھانے لگانا، کاروباری اسلحہ لائسنس، انسپکشن اور مونیٹرنگ، ڈی جارجز اور جنرل سمیت دیگر متفرق رولز شامل ہیں۔

شمال بقیہ 44

رکھنے اور قانون کی عملداری کے لیے اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لائیں گے اور ہر قسم کی تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

شمال بقیہ 45

سینیٹرز کو مدعو کرنا ہے اس بات کا ثبوت ہے۔ ذرائع کے مطابق لسبیلہ یونیورسٹی اوتھل کی سینٹ میٹنگ میں ڈیرہ مراد جمالی، آواران، وڈھ، خضدار کے فیصلے ہوتے ہیں پر افسوس لسبیلہ اور حب کے مقامی اسٹاف اور طلباء کی نمائندگی کیلئے کسی کو بھی مدعو نہیں کیا جاتا سینٹ کمیٹی میں پورے بلوچستان سے نمائندے شرکت کرتے ہیں پر افسوس لسبیلہ حب سے کسی کو مدعو نہیں کیا جاتا۔ حب ضلع بننے کے بعد لسبیلہ یونیورسٹی کی زمین بھی موجود ہے پر اس پر کوئی کام نہیں ہورہا، حب کے طلباء، طالبات یونیورسٹی کیلئے پریشان ہیں وقت کی ضرورت ہے۔ اس میٹنگ ایجنڈے میں لسبیلہ یونیورسٹی کے حب کیمپس کو شروع کروانے کیلئے فی الحال کسی پرائیوٹ عمارت میں اسکی منظوری دی جائے۔ لسبیلہ یونیورسٹی کی کنٹریکٹ مقامی ملازمین کو پرمننٹ کیا جائے۔ لسبیلہ یونیورسٹی انتظامیہ اس سینٹ میٹنگ میں مقامی نمائندوں کو مدعو کرے تاکہ مقامی اسٹیک ہولڈرز بات کریں۔ عوامی حلقوں نے چانسلر گورنر بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ اگر یونیورسٹی انتظامیہ نے اس پر عمل نہ کیا تو ضلع حب اور ضلع لسبیلہ میں سخت احتجاج کیا جائیگا جسکی ذمہ دار یونیورسٹی انتظامیہ ہوگی۔

شمال بقیہ 46

پر بلوچستان میں مالی بحران سنگین ہو گیا ہے، صوبے کے مالی بحران کے اثرات محکمہ تعلیم پر بھی پڑنے لگے ہیں محکمہ تعلیم نے صوبے کے سرکاری تعلیمی اداروں میں جماعت اول سے لیکر بارویں جماعت تک کے زیر تعلیم گیارہ لاکھ طالب علموں کو مفت درسی کتب کی فراہمی کیلئے 56 کروڑ روپے کی لاگت 86 لاکھ کتب کی چھپائی کا آرڈر دیا تھا۔ پبلشرز نے 25 فیصد کتب چھاپ کر بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کو دے دیں لیکن مطلوبہ رقم کی ادائیگی نہ ہونے پر پبلشرز نے مزید کتب کی چھپائی کا کام روک دیا ہے۔ اس سلسلے بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے چیئرمین نے میڈیا کو بتایا کہ اگر فنڈز نہیں ملے تو صوبے کے سرد علاقوں کے اسکولز اور کالجز میں مفت کتب کی فراہمی نہیں ہوسکے گی مفت کتب کی عدم فراہمی سے صوبے میں بچوں کا بڑے پیمانے پر ڈراپ آؤٹ کا خدشہ ہے۔

شمال بقیہ 47

کی کیلئے سرکاری بلڈنگز اور دفاتر تک نہیں تاریخی شہر میں ڈگری کالج کی بلڈنگ نہیں وہ عارضی گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ماجھی پور میں کام کر رہے ہیں ستم ظریفی یہ ہے کہ کالج کی بلڈنگز کے ٹینڈر اور رقوم تو آئی لیکن کرپشن کی نظر محکمہ زراعت کے دفاتر تو ہیں لیکن عملہ حیدر کوارٹر صحبت پور میں کام کر رہا ہے پوسٹ آفس تو ہے لیکن پرائیوٹ کرایہ کے دکان پر خستہ حالی کمرہ میں کام کر رہی ہے بات کی جائے ایجوکیشن کی تو دفاتر نہ ہونے کی وجہ سے وہ آفیسران حیدر کوارٹر صحبت پور میں فرائض سرانجام دے رہے ہیں گیس پانی بجلی کی سہولت تک نہیں صحت کے حوالے سے بی ایچ یو ماجھی پور میں ادویات تک نہیں اور جو عملہ تعینات ہونے سے صحت کی سہولیات تک نہیں کیسکو کے دفتر کے علاوہ اسسٹنٹ کمشنر کی آفس تک نہیں۔ تاریخی شہر ماجھی پور میں سیوریج سسٹم نہ ہونے کی وجہ سے گندے پانی کی نکاس روڈز اور راستوں میں آگیا ہے اتنی بڑی پاپولیشن کے ہونے کے باوجود شہر کو دفاتر آفیسران کا نہ ہونا اور ٹاؤن کا نہ ہونا ظلم و زیادتی کے مترادف ہے وفاق اور صوبائی حکومت سنجیدہ ہو کر ماجھی پور کو ٹاؤن کا درجہ دیکر ان مسائل کو بروقت حل کرانے کے اقدامات کریں۔

شمال بقیہ 48

کے حکام نے بتایا کہ سسٹم کی بحالی کیلئے درخواست دیا گیا ہے جیسے ہی سسٹم بحال ہوتا ہے کام شروع کریں گے دریں اثناء شہریوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈی جی نادرا بلوچستان سے سسٹم کی بحالی کا مطالبہ کیا ہے۔

شمال بقیہ 49

بہترین کاروبار بن چکی ہے، جہاں فی اسامی دس سے بیس لاکھ کی ہوتی ہے، انہوں نے کہا کہ سڑکوں کی حالت ناگفتہ بہ ہیں کاہان ٹلنگکوچ اور دیگر علاقوں کے سڑکیں محض کاغذات تک محدود ہیں جبکہ کروڑوں روپے متعلقہ محکمے کے آفسران کی ملی بھگت سے کرپشن و کمیشن اور بغیر ارتھ ورک کے ہی ہضم ہوئے ہیں، تمبو روڈ جو کہ 2019 میں بنائی گئی چند ہی سال میں کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے۔

شمال بقیہ 50

ایک زیر تعمیر مکان پر چھاپہ مار کر وہاں چھپائی گئی 100 کلوگرام چرس برآمد کر لی جو نامعلوم ملزمانوں نے سمندر کے راستے بیرون ملک سمگل کرنے کی غرض سے چھپا رکھی تھی جبکہ دوسری کارروائی میں قلعہ عبداللہ کے پہاڑی علاقے میں ایک کارروائی کے دوران 31 کلو 200 گرام چرس برآمد کر لی۔ اے این ایف مزید کارروائی کر رہا ہے۔

شمال بقیہ 51

اسکولز کو فعال بنانے کے لئے اساتذہ کرام کو ذمہ داریاں پوری کرنے اور ضلع بھر میں ناخواندگی کے خاتمہ و تعلیمی ترقی کے ایجنڈے زیر بحث آئے۔ اجلاس میں فیلڈ آفیسران کی جانب سے ڈپٹی کمشنر کو رپورٹ پیش کی گئی۔ اجلاس میں مختلف تجاویز پیش کیئے گئے اور ان پر غور کیا گیا۔ اجلاس سے ڈپٹی کمشنر آواران جمعداد خان مندوخیل نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ شعبہ تعلیم میں سفارش کی کوئی گنجائش نہیں تعلیم بنیادی ضرورت اور قوموں کے روشن مستقبل کے لئے بے حد لازمی ہے اس لیئے ضروری ہے کہ تعلیمی ذمہ داران اور اساتذہ اس حوالے سے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں اور ناخواندگی کے خاتمے کیلئے کردار ادا کریں۔

شمال بقیہ 52

بروئے کار لائیں گے اور ہر قسم کی تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

شمال بقیہ 53

نسلوں کو بہتر مستقبل ملے گی سوبندہ ڈیم مکمل ہونے سے بلوچستان کے زراعت میں کافی ترقی آئے گی اگر 70/60 سال پہلے ایسے منصوبوں پہ بلوچستان میں اسی طرح کام ہوتے تو شاید آج بلوچستان دنیا میں غریب ترین صوبوں میں شمار نہ ہوتا اور پورے دنیا میں اپنا لوہا منوایا ہوتا۔

شمال بقیہ 54

کی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے آفس لیویز تھانہ گنداواہ میں اپنے عملے کے ساتھ میٹنگ کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ موجودہ ڈی سی جھل مگسی یاسر حسین اور اے سی گنداواہ ہدایت اللہ جاموٹ نے لیویز فورس جھل مگسی جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے ہیں اور لیویز فورس کو جدید اسلحہ کے ساتھ تربیت اور ان کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے کوشاں رہے ہیں انہوں نے کہا کہ لیویز فورس جھل مگسی اشتہاریوں کی گرفتاری کا سلسلہ بھی جاری ہے عوام کے جان و مال کا تحفظ کے ہمارے فرائض میں شامل ہے۔

شمال بقیہ 55

حافظ اسد اللہ چھند، دیدار علی چھند، عطاء اللہ حاجی صادق چھند، سیف اللہ چھند، عبدالستار چھند، حاجی عبدالکریم چھند، عبدالجبار چھند، وزیر احمد چھند، رئیس عبدالصمد چھند، محمد غازی چھند، حاجی غلام رسول چھند، محمد شفیق بلک چھند، حبیب اللہ بندیجہ، سائیں داد چھند، میر عبدالفتاح چھند، قربان علی چھند، عبدالمجید چھند، خالد حسین چھند، سیاسی سماجی سوشل ورکر عطاء اللہ روجھہ، بھوتانی گروپ و چھند قوم کیکسی تان کے سیاسی سماجی سوشل ورکر جاوید یوسف چھند، سکندر علی چھند، نذیر احمد چھند، ماجد سلطان چھند، نواز علی چھند، عبدالرحیم چھند، آدم چھند، قربان علی چھند، محمد عمر چھند، صدام حسین چھند، شاہد علی چھند، حاجی رجب علی چھند، حبیب اللہ چھند، عزیز اللہ چھند، اسد چھند، عزیز چھند، کریم چھند، مخمل چھند، بیرل چھند، وڈیرہ شفیع محمد بلک سمیت دیگر علاقائی معززین اور بھوتانی گروپ کے رہنما موجود تھے۔

شمال بقیہ 56

زیادہ سے زیادہ سہولیات میسر آئیں انہوں نے کہا کہ بھوتانی برادران کی خدمات خاصا طویل ہیں انہوں نے ہر سطح پر عوام کی نمائندگی کی ہے انہوں نے کہا اس وقت حب میں ہمارے قائدین کی جدوجہد کی بدولت بہت سارے ترقیاتی منصوبوں پر تیزی کے ساتھ کام جاری ہے ان ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا ہونگیں اس موقع پر عید محمد بلوچ اقبال بزنجو آمین تتین ایوب مقبول بلوچ داود بلوچ گل شیر بلوچ علی شیر بلوچ عبدالکریم بلوچ معراج بلوچ شکر بلوچ سراج مجید نصر اللہ اور دیگر موجود تھے۔

شمال بقیہ 57

ادا کیا۔ ذرائع کے مطابق اکرم درانی نے مشاورت کیلئے وزیراعلیٰ ہاؤس جانے سے انکار کیا تاہم بعد میں پرویز خٹک کے رابطے پر محمود خان سے ملاقات پر رضامند ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق اسپیکر خیبرپختونخوا مشتاق غنی نے بھی محمود خان اور اکرم درانی کو ساتھ بیٹھنے پر آمادہ کیا۔

شمال بقیہ 58

اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ، نے سوگوار خاندان سے تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ، مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا کرے۔

TENDER NOTICE

The Deputy Conservator of Forest Lasbela invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2023 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates

TSE-222301224863

S.No	Name of Work/s	E/Cost	T/Fee	Bid Security
1.	Cluster Block Plantation 800 acres through Water Harvesting Structures in District Lasbela	21,600,000	2,000/-	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required. The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work. Turn over of at least 15,120,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 2,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 03 February, 2023during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **03 February, 2023** till 12:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:00 PM Address: Forest Colony Uthal Phone no: 0853610373

Email: dcflasbella@gmail.com

PRQ No.2016/20-01-2023

DEPUTY CONSERVATOR OF FORESTS LASBELLA

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily SHAL Quetta
روزنامہ شال کوئٹہ
21 جنوری 2023ء

تقریباً ڈیڑھ کروڑ گندم کے تھیلے بلوچستان کی سالانہ ضرورت چاہیے ہوتے ہیں، فرح عظیم شاہ

نصیر آباد ڈویژن میں سیلاب کی تباہ کاریوں اور موسم کی خراب صورتحال کی وجہ سے گندم کی سپلائی معمول کے مطابق نہیں ہو سکی

پنجاب اور سندھ سے گندم و آٹے کی سپلائی پر پابندی عائد تھی جس کی وجہ سے صورتحال مزید خراب ہوئی

کوئٹہ (خ ن) ترجمان حکومت بلوچستان محترمہ فرح عظیم شاہ نے صوبے میں آٹے اور گندم کی صورتحال سے متعلق تفصیلات بیان کرتے ہوئے کہا کہ تقریباً ڈیڑھ کروڑ گندم کے تھیلے بلوچستان کی سالانہ ضرورت پورا کرنے کیلئے چاہیے ہوتے ہیں۔ نصیر آباد ڈویژن میں سیلاب کی تباہ کاریوں اور موسم کی خراب صورتحال کی وجہ سے گندم کی سپلائی معمول کے مطابق نہیں ہو سکی جس کی وجہ سے صوبے میں آٹے کی قلت کا سامنا کرنا پڑا۔ پنجاب اور سندھ سے گندم و آٹے کی سپلائی پر پابندی عائد تھی جس کی وجہ سے صورتحال مزید خراب ہوئی۔ پاسکو سے 6 لاکھ گندم کے تھیلے خریدے جا رہے ہیں جس میں سے تقریباً 4 لاکھ تھیلے فراہم کر دیے گئے ہیں اور 2 لاکھ تھیلے جلد مل جائیں گے۔ ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

اپیکا بلوچستان کے صدر داد محمد بلوچ صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خواجہ سعد رفیق کی ریلوے ٹریک پر تخریب کاری کے واقعہ کی مذمت

مسافروں کو بحفاظت منزل مقصود پر پہنچایا جائے۔ زخمیوں کو فوری طبی امداد دینے کی ہدایت کی گئی ہے

بزدلانہ فعل سے سخت قانونی اور آہنی لحاظ سے نمٹا جائے گا' وزیر ریلوے

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے ریلوے ٹریک پر تخریب کاری کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بزدلانہ فعل سے سخت قانونی اور آہنی لحاظ سے نمٹا جائے گا۔ اپنے بیان میں خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ ریسکیو اور ریلیف آپریشن کی خود نگرانی کر رہا ہوں، لاہور سے 3 اعلیٰ افسران پر مشتمل ٹیم جائے حادثہ کی طرف روانہ کی گئی ہے۔ وزیر ریلوے نے ہدایت کی کہ مسافروں کو بحفاظت منزل مقصود پر پہنچایا جائے۔ زخمیوں کو فوری طبی امداد دینے کی ہدایت کی گئی ہے۔

کوہلو: نوجوان مایوس نہ ہوں ہم نے عہد کیا ہے کہ کرپشن، ظلم اور زیادتی کے کوہ گراں توڑیں گے، سردار عنایت اللہ زرکون

قدرتی آفات سنگین آزمائش کے باعث بنی ہیں تمام محکمہ جات کی کارکردگی نہ ہونے کے برابر ہے آسامیوں کی خرید و فروخت بہترین کاروبار بن چکی ہے، بیان

کوہلو (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق کوہلو کے سیاسی رہنما سردار عنایت اللہ زرکون نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اہلیان کوہلو مری اور زرکون اقوام گزشتہ کئی دہائیوں سے بے چینی کی کیفیت سے گزر رہے ہیں۔ کاروبار زندگی کے کسی بھی شعبہ میں ترقی نہیں بلکہ دن بدن تنزلی کا شکار ہیں، انہوں نے کہا کہ قدرتی آفات سنگین آزمائش کے باعث بنی رہی ہیں تمام محکمہ جات کی کارکردگی نہ ہونے کے برابر ہے آسامیوں کی خرید و فروخت بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

گنداخہ کا نادرا سنٹر حالیہ بارشوں کے باعث بند کر دیا گیا ہے

سنٹر کی بندش سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

گنداخہ (نامہ نگار) حالیہ بارشوں کے باعث گنداخہ کا نادرا سنٹر بند کیا گیا تھا جو کہ تاحال بحال نہ ہو سکا جس کے باعث بڑی تعداد میں شہریوں کو نئی شناختی کارڈ کی حصول اور ریٹو میں مشکلات کا سامنا ہے بارشوں کے باعث بند ہونے والے نادرا سنٹر گنداخہ کو چار ماہ زائد عرصہ گزرنے کے باوجود بھی تاحال بحال نہ کیا جاسکا شہری کارڈ بنوانے کیلئے چالیس کلومیٹر دور اوستہ محمد جانے پر مجبور ہیں، وہاں پر رش اور سسٹم کی خرابی کا بہانہ بنا کر واپس کیا جاتا ہے دوسری جانب نادرا گنداخہ بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

تاریخی شہر ماجھی پور کو ٹاؤن کا فرجہ نہ ملنے پر مسائل کے انبار لگ گئے

گیس۔ پانی۔ یوٹیلٹی اسٹور۔ بینک۔ سرکاری دفاتر اور آفیسران نہ ہونے سے مسائل جوں کے توں ہیں، بیان

ماجھی پور (نامہ نگار) تاریخی شہر ماجھی پور کو ٹاؤن کا فرجہ نہ ملنے پر مسائل کے انبار لگ گئے۔ گیس۔ پانی۔ یوٹیلٹی اسٹور۔ بینک۔ سرکاری دفاتر اور آفیسران نہ ہونے سے مسائل جوں کے توں ہیں اور تحصیل ماجھی پور صرف اور صرف اعلانات اور کاغذی کارروائی تک محدود صوبائی حکومت اور وفاق نظر ثانی کریں۔ رپورٹ کے مطابق تحصیل ماجھی پور صرف اور صرف کاغذی کارروائی میں درج لیکن مسائل دن بدن بڑھتے جا رہے ہیں تحصیل تو بن بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے مالی بحران کے باعث مفت کتب کی چھپائی کا کام کھٹائی میں پڑ گیا

محکمہ تعلیم کی جانب سے فنڈز ریلیز نہ کیے جانے پر پبلشرز نے کتب کی چھپائی روک دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے مالی بحران کے باعث مفت کتب کی چھپائی کا کام کھٹائی میں پڑ گیا، محکمہ تعلیم کی جانب سے فنڈز ریلیز نہ کیے جانے پر پبلشرز نے کتب کی چھپائی روک دی، صوبے کے سرکاری اسکولز اور کالجز میں نئے تعلیمی سال کیلئے جماعت اول سے بارہویں تک گیارہ لاکھ طالب علموں کیلئے 86 لاکھ کتب کی چھپائی کا آرڈر دیا گیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان کے واجب الادا تیس ارب روپے سے زائد رقم نہ ملنے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

چین، 2022 میں غربت سے نکالے گئے افراد کی فی کس آمدنی 14,342 یوآن تک پہنچ گئی، قومی بیورو

مختلف اقدامات کے تحت لوگوں کیلئے 32.78 ملین روزگار کے مواقع میسر کیے گئے، رپورٹ

بیجنگ (این این آئی) چین کے قومی بیورو برائے دیہی احیا نے ایک رپورٹ جاری کی جس میں بتایا گیا کہ 2022 میں غربت سے نکالے گئے لوگوں کی فی کس آمدنی 14,342 یوآن تک پہنچ گئی، اور آمدنی میں اضافے کی یہ شرح کسانوں کی اوسط شرح سے زیادہ ہے۔ چین کے روزنامہ میڈیا کے مطابق معلوم ہوا ہے کہ گزشتہ سال تمام جماعتوں کی مشترکہ کاوشوں سے غربت کے خاتمے میں کامیابیوں کو مزید استحکام اور وسعت دی گئی ہے اور بڑے پیمانے پر غربت کی طرف واپسی کی روک تھام کی گئی۔

کشمیر بارے ساری سیاسی قیادت کا ایک ساتھ بیٹھنا، پالیسی کا تعین کرنا ضروری ہے، سردار تنویر الیاس خان

75 سالہ تاریخ میں پہلی بار او آئی سی کے سیکرٹری جنرل 9 ممالک کے سفراء کے ہمراہ آزاد کشمیر آئے

کشمیری آزادی کے حصول کیلئے ہر وہ قربانی دے چکے جو دنیا کی کسی بھی قوم نے آج تک نہیں دی، وزیر اعظم آزاد کشمیر

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان نے کہا ہے کہ کشمیر کے حوالے سے ساری سیاسی قیادت کا ایک ساتھ بیٹھنا اور پالیسی کا تعین کرنا ضروری ہے۔ ہماری حکومت میں 75 سالہ تاریخ میں پہلی بار او آئی سی کے سیکرٹری جنرل 9 ممالک کے سفراء کے ہمراہ آزاد کشمیر آئے۔ 5 اگست 2019 کو بھارت نے کشمیر کا خصوصی تشخص ختم کیا یاسین ملک جیسے بیمار اور معذور رہنما کو جیل میں سزا سنائی، سید علی گیلانی جیسے مدبر رہنما جو دنیا بھر میں جاری آزادی کی تحریکوں کے لیے باعث تقویت تھے انکے جنازے کی توہین کی گئی اور بزرگی کے آخری ایام تک نظر بند رہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہندوستان کے جارحانہ اقدامات مسلسل بڑھ رہے ہیں، جی 20 کانفرنس کشمیر میں بلائی گئی وہاں چین آگے نہ بڑھتا تو یہ کانفرنس ہو جاتی، ہم نے ان سے او آئی سی کے جدہ سیکرٹریٹ میں کشمیری کی نمائندگی دینے کا مطالبہ کیا۔

ناخواندگی کے خاتمہ کے لئے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ تمام طبقات اپنا تعاون جاری رکھیں، ڈپٹی کمشنر آواران

علم کی شمعیں روشن کرنا اور نئی نسل کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے اقدامات کیے جا رہے ہیں، جمعہ داد خان

آواران (خ ن) ڈپٹی کمشنر آواران جمعہ داد خان نے کہا ہے کہ ناخواندگی کے خاتمہ کے لئے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ تمام طبقات اپنا تعاون جاری رکھیں۔ علم کی شمعیں روشن کرنا اور نئی نسل کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر آواران جمعہ داد خان مندوخیل نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ (ڈی ای جی) اجلاس کی صدارت اور شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ضلعی تعلیمی سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس میں بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

اینٹی نارکوٹکس فورس نے منشیات بیرون ملک اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی

کوئٹہ (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے منشیات بیرون ملک اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی۔ اے این ایف کے ترجمان کے مطابق اے این ایف کے عملے نے بلوچستان کے علاقے گوادر میں خفیہ اطلاع ملنے پر بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

مبینہ بیٹی چھپانے کا معاملہ، عمران خان کو 27 جنوری تک جواب جمع کرانے کی مہلت مل گئی

کیرولیمن وائٹ (ٹیریان کی والدہ اینا لوئیسا وائٹ کی بہن) کو ٹیریان کا سرپرست مقرر کیا جائے، رہنما خان کے دستاویز پیش

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کو کاغذات نامزدگی میں اپنی مبینہ بیٹی ٹیریان جیڈ وائٹ کا ذکر کرنے پر ان کی نااہلی کی درخواست پر اپنا جواب دینے کا ایک اور موقع فراہم کر دیا۔ جمعہ کو اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے ساجد محمود کی جانب سے دائر درخواست کی سماعت کی۔ درخواست میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ سابق وزیر اعظم عمران خان نے برطانیہ میں ٹیریان وائٹ کی کفالت کے انتظامات کیے لیکن اپنے کاغذات نامزدگی میں اور الیکشن لڑنے کے حلف نامے میں اس کا ذکر نہیں کیا۔

قلات کے سابق ضلعی صدر سیاسی و قبائلی رہنما میر قادر بخش مینگل ایس پی قلات دوستین دشتی سے ملاقات ایس پی قلات پولیس کا چارج سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی

قلات (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سابق ضلعی صدر سیاسی و قبائلی رہنما میر قادر بخش مینگل ایس پی قلات دوستین دشتی سے ملاقات کی ملاقات میں امن و امان و دیگر حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہیں دوبارہ ایس پی قلات تعینات ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ قلات میں امن و امان برقرار رکھنے اور قانون کی عملداری کے لیے اپنے تمام تر وسائل بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

آواران، ڈپٹی کمشنر آواران جمعہ داد خان ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اسد اللہ زہری نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے

قلات (نامہ نگار) چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زرک زہری ایک عظیم لیڈر ہے بلوچ عوام کے بہتر مستقبل کے لیے جہد و جہد کر رہی ہے شہید سکندر یونیورسٹی اور دیگر تعلیمی اداروں سوہندہ اور دیگر ڈیمز اور دیگر ترقیاتی منصوبوں سے نہ صرف جھالاوان بلکہ پورے بلوچستان کو فائدہ ملے گا اور ہمارے آنے والے بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

افغانیوں کو شہریت دینے کی کوئی تجویز زیر غور نہیں، وزارت داخلہ

2013 سے 2018 تک دس لاکھ شناختی کارڈز بلاک کیے گئے، جس کو مرحلہ وار کھولا جا رہا ہے، سینٹ میں وقفہ سوالات

کابینہ اجلاس کا اجلاس پانچ گھنٹے جاری رہنے کی خبریں سامنے آئی ہیں، پتہ نہیں اجلاس کس کمرے میں یا کسی اسٹیڈیم میں ہوا، شہزاد وسیم

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ کو بتایا گیا ہے کہ افغانیوں کو شہریت دینے کی کوئی تجویز زیر غور نہیں، 2013 سے 2018 تک دس لاکھ شناختی کارڈز بلاک کیے گئے، جس کو مرحلہ وار کھولا جا رہا ہے جبکہ اپوزیشن لیڈر شہزاد وسیم نے حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ کابینہ اجلاس کا اجلاس پانچ گھنٹے جاری رہنے کی خبریں سامنے آئی ہیں، پتہ نہیں اجلاس کس کمرے میں یا کسی اسٹیڈیم میں ہوا، ایل سیز نہیں کھل رہیں، صنعتکار صنعتوں کی چابیاں گورنر اسٹیٹ بینک کے حوالے کر رہے ہیں، الیکشن میں آئیں اور عوام کو اپنے فیصلے کرنے کا اختیار دیں، وہ ذکر یں جو کراچی میں کیا گیا، ایک صاف شفاف انتخابات اور مشکل فیصلے وقت کا تقاضا ہے جس کا جواب دیتے ہوئے وفاقی وزیر مرتضیٰ جاوید عباسی نے کہا ہے کہ ملک میں بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

جرمن سفیر برائے پاکستان الفریڈ گرانس کا بلوچستان اسمبلی کے دورے کے موقع پر ومن کاکس کے اراکین سے ملاقات کر رہے ہیں

محکمہ داخلہ و قبائلی امور بلوچستان نے بلوچستان آرمز ایکٹ 2021 کے تحت اسلحہ رولز مرتب کیے ہیں

کوئٹہ (خ ن) محکمہ داخلہ و قبائلی امور بلوچستان نے بلوچستان آرمز ایکٹ 2021 کے تحت اسلحہ رولز مرتب کیے ہیں جنہیں بلوچستان آرمز رولز 2022 کا نام دیا گیا ہے جس کے تحت ذاتی اسلحہ لائسنس، ذاتی اسلحہ لائسنس بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

عوام کو تحفظ فراہم کرنے اور امن امان کے حوالے سے بہتر اقدامات کر رہے ہیں، عبدالحکیم ابڑو

گنداواہ نوتال روڈ پر امن امان کے حوالے لیویز فورس کا گشت جاری ہے، جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، میجر رسالدار لیویز تھانہ گنداواہ

جھل مگسی (این این آئی) میجر رسالدار لیویز تھانہ گنداواہ عبدالحکیم ابڑو نے کہا ہے کہ عوام کو تحفظ فراہم کرنے اور امن امان کے حوالے سے بہتر طور پر اقدامات کر رہے ہیں ڈپٹی کمشنر جھل مگسی فلائیٹ لیفٹیننٹ (ر) یاسر حسین اور اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ ہدایت اللہ جاموٹ کی خصوصی ہدایت پر گنداواہ نوتال روڈ پر امن امان کے حوالے لیویز فورس کا گشت جاری ہے اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف ہماری کارروائی جاری رہے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے آفس بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

اپیکا قلات کا وفد ضلعی صدر حسین بخش ریسانی کی قیادت میں ایس پی قلات دوستین دشتی سے ملاقات ایس پی قلات پولیس کا چارج سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی

قلات (نامہ نگار) اپیکا قلات کا وفد ضلعی صدر حسین بخش ریسانی کی قیادت میں ایس پی قلات دوستین دشتی سے ملاقات وفد میں محمد یوسف عمرانی، عبدالستار نیچاری، محمد انور و دیگر شامل تھے کہ ملاقات میں امن وامان و دیگر حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا وفد نے انہیں دوبارہ ایس پی قلات تعینات ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ قلات میں امن وامان برقرار بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

دہشت گردوں کی طرف سے مچھ میں ٹرین کو بم سے نشانہ، سیکورٹی فورسز اہلکاروں پر حملہ قابل مذمت ہے، حمزہ خان ناصر

حکومت اور سیکورٹی ادارے دہشت گردوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائیں، رہنما پی ٹی آئی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری حمزہ خان ناصر نے دہشت گردوں کی طرف سے مچھ میں ٹرین کو بم سے نشانہ بنانے اور پنجگور میں سیکورٹی اہلکاروں پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ افراد کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں حکومت اور سیکورٹی ادارے دہشت گردوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں حمزہ خان ناصر بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

لسبیلہ یونیورسٹی اوتھل میں 26 جنوری کو ہونے والی سینٹ میٹنگ کو لسبیلہ اور حب کی سیاسی و سماجی تنظیموں اور عوامی حلقوں نے مشکوک قرار دیدیا

اوتھل (نامہ نگار) لسبیلہ یونیورسٹی اوتھل میں 26 جنوری کو ہونے والی سینٹ میٹنگ کو لسبیلہ اور حب کی سیاسی و سماجی تنظیموں اور عوامی حلقوں نے مشکوک قرار دیدیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ اور ضلع حب کے عوامی حلقوں نے لسبیلہ یونیورسٹی کی سینٹ کمیٹی میٹنگ میں لسبیلہ کے منتخب عوامی نمائندے اسٹیک ہولڈرز لسبیلہ کے بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی کونسل ممبر [illegible]

انسانیت کی خدمت آخرت میں نجات کا سبب ہے، ثمینہ زہری

مشکل وقت میں اپنوں کی مدد ہم سب کی پہلی ترجیح و ذمہ داری ہونی چاہیے

بلوچستان ہمارا گھر اور یہاں بسنے والے سب ہمارے اپنے ہیں' سینیٹر

اوتھل (نامہ نگار) بلوچستان ہمارا گھر اور یہاں بسنے والے سب ہمارے اپنے ہیں۔ مشکل وقت میں اپنوں کی مدد ہم سب کی پہلی ترجیح و ذمہ داری ہونی چاہیے۔ دکھی انسانیت کی خدمت ہی آخرت میں نجات کا سبب بنے گی۔ ان خیالات کا اظہار سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اوتھل کے گرد و نواح میں سیلاب متاثرین کی بستیوں میں راشن، بیگز، کمبل، پینے کا صاف پانی، گرم کپڑے، بچوں کے لئے دودھ اور دیگر اشیاء کی تقسیم کے موقع پر متاثرین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ دریں اثناء سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری اوتھل اور گرد و نواح میں سیلاب متاثرین کی بستیوں میں پہنچیں اور سیلاب سے متاثرہ خاندانوں میں خوراک اور دیگر ضروری اشیاء تقسیم کیں۔ اس موقع پر انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم اپنے عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں دو سال سے پولیو کا کوئی نیا کیس ریکارڈ نہیں کیا گیا، ربابہ بلیدی

بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں اور برف باری میں قومی فریضہ سرانجام دینے والی گیارہ ہزار سے زائد پولیو ٹیمیں خراج تحسین کی مستحق ہیں

سخت ترین موسمی حالات میں پولیو ورکرز جس تندہی سے اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں ان پر پوری قوم کو فخر ہے یہ ہمارے حقیقی ہیرو ہیں، بیان

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے سرد ترین موسم میں پولیو مہم کو کامیابی سے جاری و ساری رکھنے پر پولیو ورکرز کو خراج تحسین پیش کیا ہے جمعہ کو اپنے ایک ٹوئٹ میں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں اور برف باری میں گھرے علاقوں میں مجموعی طور پر قومی فریضہ سرانجام دینے والی گیارہ ہزار سے زائد پولیو ٹیمیں خراج تحسین کی مستحق ہیں پولیو ورکرز کی ان انتھک کوششوں اور محنت کے باعث بلوچستان میں گزشتہ دو سال سے پولیو کا کوئی کیس ریکارڈ نہیں کیا گیا جو ایک اطمینان بخش امر ہے بلوچستان کے سرد ترین موسم میں بچوں کو پولیو جیسے موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لئے دور افتادہ اور دشوار گزار پہاڑی بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، بی این پی کے زیر اہتمام ملک عبدالعلی کاکڑ (مرحوم) کی برسی کے موقع پر تعزیتی ریفرنس میں اسٹیج پر ملک عبدالولی کاکڑ، ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی، موسیٰ بلوچ، شکیلہ نوید دہوار، غلام نبی مری و دیگر رہنما اسٹیج پر بیٹھے ہیں

صنعتکاروں کے مسائل کو بھرپور انداز میں اٹھاؤں گا، حاجی غلام علی

گورنر خیبر پختونخوا کا انڈسٹریلسٹ ایسوسی ایشن کے صدر ملک عمران خان کی دعوت پر انڈسٹریل اسٹیٹ حیات آباد کا دورہ

ایسوسی ایشن کے صدر ملک عمران خان [illegible] عہدیداروں کو گورنر ہاؤس آنے کی دعوت

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا حاجی غلام علی نے انڈسٹریلسٹ ایسوسی ایشن پشاور کے صدر ملک عمران خان کی دعوت پر انڈسٹریل اسٹیٹ حیات آباد کا دورہ کیا۔ گورنر کے دورہ کے دوران [illegible] [illegible] کے اجلاس میں بیٹھے گے۔

عوام کو تحفظ فراہم کرنے اور امن امان کے حوالے سے بہتر طور پر اقدامات کر رہے ہیں، عبدالحکیم ابڑو

جھل مگسی (این این آئی) میجر رسالدار لیویز تھانہ گنداواہ عبدالحکیم ابڑو نے کہا ہے کہ عوام کو تحفظ فراہم کرنے اور امن امان کے حوالے سے بہتر طور پر اقدامات کر رہے ہیں ڈپٹی کمشنر جھل مگسی فلائیٹ لیفٹیننٹ (ر) یاسر حسین اور اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ ہدایت اللہ جاموٹ کی خصوصی ہدایت پر گنداواہ نوتال روڈ پر امن امان کے حوالے لیویز فورس کا گشت جاری ہے اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف ہماری کارروائی جاری رہے بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، پی ٹی آئی کے صوبائی نائب صدر سید میر علی آغا مٹن بازار اور فیض آباد میں سوئی گیس پائپ لائن بچھانے کے کام کا کھدائی کر کے افتتاح کر رہے ہیں

ملک کی سنگین معاشی بحران کی ذمہ داری عمران خان پر عائد ہوتی ہے، روزی خان کاکڑ

پی ٹی آئی حکومت کی ناکام معاشی پالیسیاں اور عمران خان کی نااہل قیادت کی وجہ سے ملک کو سنگین معاشی بحران پر لا کر کھڑا کیا گیا، بیان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری روزی خان نے کہا ہے کہ موجودہ سنگین معاشی صورتحال کی ذمہ داری براہ راست عمران خان اینڈ کمپنی پر عائد ہوتی ہے، پی ٹی آئی حکومت کی ناکام معاشی پالیسیاں اور عمران خان کی نااہل قیادت کی وجہ سے ملک کو سنگین معاشی بحران پر لا کر کھڑا کیا گیا۔ یہ بات انہوں نے صوبائی سیکرٹریٹ میں پاکستان پیپلز پارٹی کے عہدیداروں اور ورکرز سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی ملک کی بحرانوں کا سامنا رہا ہے پاکستان پیپلز پارٹی نے ان بحرانوں سے ملک کو کامیابی سے نکال کر ثابت کیا ہے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کا قبائلی و سیاسی شخصیت جان محمد حسنی کی اہلیہ کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے سیاسی و قبائلی شخصیت قاضی احمد جان محمد حسنی کی اہلیہ ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات حافظ عبدالباسط سیکرٹری کالجز حافظ عبدالماجد اور اسسٹنٹ کمشنر عطاء المنعم کی والدہ کے انتقال پر دکھ بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

مغربی ملکوں کے ہتھیار چاندی کے نہیں بنے، نیٹو کمانڈر

مغربی ملکوں کا یوکرین کو فراہم کیا گیا اسلحہ روسی اسلحے سے زیادہ موثر ہے، گفتگو

برسلز (این این آئی) نیٹو کے سینئر کمانڈر نے کہا ہے کہ یوکرین کے لیے مغربی ملکوں کا اسلحہ چاندی کی گولیاں نہیں ہیں، مغربی ملکوں کا یوکرین کو فراہم کیا گیا اسلحہ روسی اسلحے سے زیادہ موثر ہے۔ مغربی ٹیکنالوجی روس سے جدید تر ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نیٹو کے ایک سینئر کمانڈر جنرل کرسٹوفر کیولی نے اس امر کا اظہار ایک نیٹو اجلاس میں اس وقت کیا جب ایک ممبر ملک کی طرف سے کہا گیا کہ جرمنی پر دباؤ ہے کہ جرمنی اسے لیپرڈ ٹو قسم کے ٹینک دے تا کہ وہ روس کو پیچھے دھکیل سکے۔

برطانیہ کا 600 بریمسٹون میزائل یوکرین کو بھیجنے کا اعلان

ہم جنگی محاذ پر اضافی 600 بریمسٹون میزائل بھی بھیجیں گے، برطانوی وزیر دفاع

لندن (این این آئی) برطانوی وزیر دفاع نے اعلان کیا ہے کہ ان کا ملک یوکرین کو روس سے لڑنے میں مدد کے لیے اضافی 600 بریمسٹون میزائل بھیجے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بین والیس نے تاپا کے اسٹونین فوجی اڈے پر اپنے کئی یورپی ہم منصبوں کے ساتھ عطیہ دہندگان کی ملاقات کے بعد اس بات کی تصدیق کی کہ ان کا ملک یوکرین کو روس کے خلاف جنگ میں فوجی مدد کے طور پر بریمسٹون میزائل فراہم کرے گا۔ بین والیس نے کہا کہ آج میں کہہ سکتا ہوں کہ ہم جنگی محاذ پر اضافی 600 بریمسٹون میزائل بھی بھیجیں گے، جو یوکرین کو میدان جنگ میں کنٹرول کرنے میں مدد کرنے کے لیے اہم ہے۔ لندن نے اعلان کیا کہ وہ یوکرین کو جنگی ٹینک بھیجے گا، جو اس سلسلے میں کیف کی درخواست پر پورا اترنے والا پہلا ملک ہوگا۔

نجی و سرکاری شعبوں میں تعاون بین الاقوامی سطح پر بھی ضروری، سعودی وزیر سرمایہ کاری

خلیجی ریاست انفراسٹرکچر اور کاروباری مقامات پر کم لاگت اور کم رسک کی سرمایہ کاری کو ترغیبات دیتا ہے، گفتگو

ریاض (این این آئی) نجی اور سرکاری شعبوں کے درمیان تعاون اشیا کی بلا تعطل ترسیل و فراہمی کے لیے کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ اسی طرح سرحدوں کے آر پار بھی اسی نوعیت کے روابط بہت اہم ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اس امر کا اظہار سعودی عرب کے وزیر سرمایہ کاری نے ورلڈ اکنامک فورم کے پینل میں بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ وزیر سرمایہ کاری خالد الفالح نے کہا کہ خلیجی ریاست انفراسٹرکچر اور کاروباری مقامات پر کم لاگت اور کم رسک کی سرمایہ کاری کو ترغیبات دیتا ہے۔ مملکت نے سرمایہ کاروں کے لیے خود کو کھول دیا ہے۔ ڈیووس کے اس پینل میں عالمی سطح پر بلا تعطل، پائیدار اور جامع ترقی کے لیے ویلیو چینز کو تبدیل کرنے کے طریقوں پر باہم تبادلہ خیال کیا گیا۔

بلوچستان کی پرامن حالات خراب کرنے میں ملک دشمن عناصر ملوث ہیں، نور محمد دمڑ

بلوچستان میں امن وامان کو خراب کرنے والوں ملک دشمن عناصر کو ختم کرنے کیلئے حکومت بلوچستان، سیکورٹی اداروں کے ساتھ مل کر بھرپور کارروائی کر رہے ہیں

ٹرین دھماکے میں مسافروں کے زخمی ہونے پر دکھ اور افسوس ہوا حکومت بلوچستان زخمیوں کو علاج معالجے کی تمام طبی سہولیات فراہم کر رہے ہیں، سینئر صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات حاجی نور محمد خان دمڑ نے بولان کے پنیر ریلوے اسٹیشن کے قریب جعفر ایکسپریس کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کو خراب کرنے والوں ملک دشمن عناصر کو ختم کرنے کیلئے حکومت بلوچستان، سیکورٹی اداروں کے ساتھ مل کر بھرپور کارروائی کر رہے ہیں صوبے میں قیام امن اور عوام کی جان و مال کی حفاظت کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں ٹرین دھماکے میں مسافروں کے زخمی ہونے پر دکھ اور افسوس ہوا حکومت بلوچستان زخمیوں کو علاج معالجے کی تمام طبی سہولیات فراہم کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

سردار زادہ محمد عرفان صالح بھوتانی نے انجینئر محمد صدیق چھلگری اور محمد عمر چھلگری کے والد کے وفات پر تعزیت و فاتحہ خوانی کی

حب (این این آئی) قبائلی شخصیت سردار زادہ محمد عرفان صالح بھوتانی کا چھلگری محلہ گلیکسی ٹاؤن حب آمد کے موقع پر انجینئر محمد صدیق چھلگری اور محمد عمر چھلگری کے والد کے وفات پر تعزیت و فاتحہ خوانی کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے دعائے مغفرت کی اس موقع پر بھوتانی گروپ کے رہنما چھلگری قوم کے معزز شخصیت نکری محمد عالم چھلگری، محمد شریف چھلگری، محمد خان چھلگری، نور احمد چھلگری، فوجی علی محمد چھلگری، نکری ابراہیم چھلگری، میر تاج محمد چھلگری، بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

اکرم درانی کو وزیر اعلیٰ محمود خان کے ساتھ بیٹھانے میں پرویز خٹک نے اہم کردار ادا کیا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن لیڈر خیبر پختونخوا اکرم درانی کو وزیر اعلیٰ محمود خان کے ساتھ بیٹھانے میں سابق وزیر دفاع اور پی ٹی آئی کے سینئر رہنما پرویز خٹک نے اہم کردار بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

بھوتانی برادران کی کاوشوں سے تعمیر ہونے والا ونڈر ڈیم ایک بہت بڑا سرپرائز ہے، کونسلر ڈاکٹر شیر جان بلوچ

حب (این این آئی) بھوتانی برادران کی کاوشوں سے تعمیر ہونے والا ونڈر ڈیم ایک بہت بڑا سرپرائز ہے وندر کے عوام کے لئے اس ڈیم کی تکمیل سے ہزاروں ایکڑ غیر آباد زمینیں آباد ہوں گی روزگار کے ذرائع میں اضافہ ہوگا خوشحالی کے حوالے سے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا ان خیالات کا اظہار بھوتانی کارواں کے نو منتخب کونسلر ڈاکٹر شیر جان بلوچ نے گزشتہ روز علاقائی لوگوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہمارے قائدین کی ہمیشہ یہی کوشش رہی ہے کہ عوام کو بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

تہران اور دمشق سے منی لانڈرنگ کے لیے عراق بطور پناہ گاہ استعمال ہوا، امریکہ

ڈالر میں لین دین پر سختی کا مقصد عراقی بینکوں کے منی لانڈرنگ میں استعمال کو روکنا ہے، امریکی حکام

واشنگٹن (این این آئی) امریکی اور عراقی حکام نے کہا ہے کہ نیویارک کے فیڈرل ریزرو بینک نے نومبر 2022 میں عراقی کمرشل بینکوں کے ذریعے بین الاقوامی ڈالر کے لین دین پر سخت کنٹرول نافذ کرنا شروع کیا۔ اس اقدام کا مقصد منی لانڈرنگ کو روکنا اور ایران اور مشرق وسطیٰ کے دیگر ممالک کے لیے غیر قانونی طور پر ڈالر کی منتقلی کو روکنا اور پابندیوں کی خلاف ورزی کے خلاف سخت سزاؤں کا نفاذ تھا۔

ریاض پبلک ٹرانسپورٹ پروجیکٹ زبردست منصوبہ، مارچ سے کام شروع کر دے گا، سعودی رائل کمیشن

شہر میں آبادی میں اضافے کے ساتھ بس لائنوں کو بھی توسیع دے رہے ہیں، سی ای او فہد الرشید کی عرب ٹی وی سے گفتگو

ریاض (این این آئی) ریاض شہر کے لیے رائل کمیشن کے سی ای او فہد الرشید نے کہا کہ شہر ریاض میں پبلک ٹرانسپورٹ کا منصوبہ دنیا کا ایک زبردست منصوبہ ہے۔ اور کووڈ 19 کی وبا سے متاثر ہونے کے باوجود اور تھوڑی تاخیر کی وجہ سے میٹرو اسی اگلے مارچ میں کھول دی جائیں گی۔ جس کے بعد مختلف لائنیں کھولی جائیں گی۔ فہد الرشید نے سوئس شہر ڈیووس میں ورلڈ اکنامک فورم 2023 کی سرگرمیوں کے موقع پر عرب ٹی وی کے ساتھ ایک انٹرویو میں مزید کہا کہ ہم ریاض شہر میں آبادی میں اضافے کے ساتھ بس لائنوں میں بھی توسیع کر رہے ہیں۔

صوابی، پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا آخری دن پر امن انداز میں جاری رہا

دریبہ ملک آباد گدون میں پولیو ویکسینیشن کا آغاز ہو گیا، سیکورٹی کے فول پروف انتظامات

صوابی (این این آئی) ضلع صوابی میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا آخری دن بھی پرامن انداز میں جاری رہا جبکہ دریبہ ملک آباد گدون میں بھی پولیو ویکسینیشن کا آغاز ہو گیا ہے۔ اس سلسلے میں فل پروف سیکورٹی انتظامات یقینی بنائے گئے ہیں، دریبہ گدون کے گرد و نواح میں پہاڑوں پر پولیس اہلکاروں کے خصوصی دستے تعینات کئے گئے ہیں جبکہ ناکہ بندیاں بھی الرٹ موجود اور گاڑیوں و اشخاص کی چیکنگ کر رہے ہیں۔ تمام شاہراہوں پر پولیس پٹرولنگ جاری ہے جبکہ آر آر ایف اور سپیشل پٹرولنگ موبائلز بھی آن روڈ ہیں۔ پولیو ٹیمز کی حفاظت کے لئے پولیس جوان مستعدی سے فرائض کی انجام دہی میں مصروف ہیں۔

سی ایس پی انڈر 16 کرکٹ ٹورنامنٹ گلیڈی ایٹرز نے جیت لیا

فائنل میں سی ایس پی قلندرز کو شکست، حسن ضیا کے شاندار اور جارحانہ 89 رنز

کراچی (این این آئی) کرکٹ اسکول آف پاکستان کے زیر اہتمام منعقدہ سی ایس پی انڈر 16 کرکٹ ٹورنامنٹ سی ایس پی گلیڈی ایٹرز نے جیت لیا، فائنل میں سی ایس پی قلندرز کو 9 وکٹوں سے شکست ہوئی۔ یگشن گراؤنڈ پر کھیلے گئے فائنل میں سی ایس پی قلندرز نے پہلے کھیلتے ہوئے پانچ وکٹوں پر 126 رنز بنائے، قلندرز کی جانب سے عبدالرحیم نے 20 گیندوں پر 59 اور حسین احمد نے 12 گیندوں پر 19 رنز اسکور کیے۔ یاسر محمود نے 23 اور عبداللہ نے 18 رنز دے کر دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، جواب میں سی ایس پی گلیڈی ایٹرز نے مطلوبہ ہدف ایک وکٹ کے نقصان پر پورا کر لیا، فاتح ٹیم کی جانب سے حسن ضیا نے 31 گیندوں پر 89 رنز کی ناقابل شکست اور جارحانہ اننگ کھیلی جس میں سات چھکے اور آٹھ چوکے شامل تھے، ریان نے 18 گیندوں پر 19 رنز بنائے۔

پشاور، جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما ترجمان پی ڈی ایم مولانا حافظ حمد اللہ بزم محمود کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

حب، مین آر سی ڈی روڈ موندرہ چوک اور عدالت روڈ پر بدترین ٹریفک جام کا منظر